عامل حضرات کے لئے کامل واکمل اور لاجواب تحفہ

# 124 مستند روحانی نسخے

از افادات

حضرت مولانا محمد عمر پالن پوری صاحب رحمۃ اللہ علیہ

مولانا محمد یونس پالن پوری صاحب مدظلہ العالی

ترجمہ و تحقیق عنوانات و فوائد جدیدہ

صاحبزادہ مولانا ابن الحافظ سیالوی

ادارۃ القاسم
دکان نمبر 1 فرسٹ فلور زبیدہ سنٹر 40 اردو بازار لاہور

- بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی عجیب وغریب فضیلت
- معرفت الٰہی کو حصول کے لیے
- زیارت رسول ﷺ مقبول نصیب ہو
- دیندار بننے کا آسان نسخہ
- جو مانگے وہ عطا ہو
- بری موت سے بچنے کا نبوی نسخہ
- رزق میں برکت کے لئے
- نیند اگر نہ آئے تو
- لڑکا خوبصورت پیدا ہو
- حصول ملازمت کے لئے خاص عمل
- بیوی کی ناراضگی دور ہو
- میاں بیوی میں محبت پیدا ہو
- خاندان میں اتفاق پیدا ہو
- لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو
- بیٹے یا بیٹی کی شادی مبارک ہو
- ہر مشکل آسان ہو
- امتحان میں کامیابی کے لئے
- مقدمہ میں کامیابی کے لئے
- ذاتی مکان کے حصول کے لئے
- جادو کا اثر ختم ہو
- چہرہ خوبصورت ہو جائے
- کاروبار میں خسارے کے وقت یہ عمل کرے
- عمل برائے استخارہ
- دائمی صحت وتندرستی نصیب ہو
- اولاد مر جاتی ہو تو اسکی محافظت کیلئے
- جس کو اولاد نہ ہوتی ہو
- لاعلاج مرض کے لئے
- موذی جانور یا دشمن سے خوف ہو

اللہ

عامل حضرات کے لئے کامل و اکمل اور لاجواب تحفہ

# مستند روحانی نسخے

از افادات

حضرت مولانا محمد عمر پالن پوری صاحب رحمۃ اللہ علیہ

مولانا محمد یونس پالن پوری صاحب مدظلہ العالی

ترجمہ و تحقیق عنوانات
و فوائد جدیدہ

صاحبزادہ مولانا ابن الحافظ سیالوی

ناشر

ادارۃ القاسم

دکان نمبر 1 فرسٹ فلور زبیدہ سنٹر 40 اردو بازار لاہور
Mobile : 0300-4420434

محمدؐ

جملہ حقوق بحق اِدارۃُ القاسم محفوظ ہیں


| | |
|---|---|
| نام کتاب | مستند روحانی نسخے |
| افادات | مولانا محمد یونس پالن پوری |
| ترجمہ و تحقیق | ابن الحافظ سیالوی |
| صفحات | 144 |
| قیمت | |
| تعداد اشاعت | 2 ہزار |
| تاریخ اشاعت | اکتوبر، 2005ء |
| ڈیزائن اینڈ لے آؤٹ | اینگلز کمیونیکشنز، لاہور۔<br>فون: 042-6307031-32 |
| کمپوزنگ | یوسف گرافکس، لاہور۔<br>موبائل: 0333-4294391 |
| پرنٹرز | گلوبل پرنٹنگ پریس، لاہور |

ناشر

## اِدارۃُ القاسم

دکان نمبر 1 فرسٹ فلور زبیدہ سنٹر 40 اُردو بازار لاہور

Mobile : 0300-4420434

# حرفِ آغاز

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

تمام تعریفیں اُس عظیم ذات کیلئے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے اور جس نے اپنے پیارے محبوب حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا اور پھر اپنے کلام پاک کو مقدس فرشتہ حضرت جبرئیل امین علیہ السلام کے ذریعے اپنے محبوب پر اُتارا جس میں تمام جہانوں کے لئے شِفا ہے۔ امابعد

یہ عظیم کتاب ''مُستندرُوحانی نسخے'' جوکہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ **حصہ اوّل** میں وہ روحانی وظائف ہیں جو حضرت مولانا محمد یونس پالن پوری مدظلہ العالی نے مرتب فرمائے اور اپنی مشہور زمانہ کتاب ''بکھرے موتی'' میں ذکر فرمایا **حصہ دوم** میں حضرت مولانا مدظلہ کے والد ماجد اور ہندو پاک میں بسنے والے تمام مسلمانوں کے روحانی باپ حضرت اقدس مولانا محمد عمر پالن پوری قُدّس سرہ العزیز کے روحانی نسخہ جات ہیں جو مولانا مدظلہ کے بقول (یہ تمام نسخے مجھے حضرت والدؒ صاحب کی خاص خاص الماری سے ملے) شامل ہیں۔

میں نے جب ان تمام روحانی نسخوں کا وِرد کیا تو انتہائی مجرّب واکسیر پایا۔ خیال ہوا کہ ان تمام روحانی نسخوں کو عملیات کی ترتیب پر یکجا کر کے الگ سے چھاپ دیا جائے تو یہ ضرورت مندوں کے لئے نعمت عظمہ سے کم نہیں ہوگا۔

لہذا ان وظائف کی عربی عبارت جو پڑھنے میں صاف نہیں تھی نئے سرے سے اس کی کتابت کروائی تا کہ پڑھنے میں دِقت نہ ہو۔ پھر ان تمام آیات و دعاؤں کا اردو ترجمہ بھی لگا دیا اور ہر عمل کے اوپر اسکا عنوان بھی لکھ دیا۔ اور آخر میں عمل کا فائدہ الگ سے لکھ دیا تا کہ معلوم ہو سکے کہ یہ وظیفہ کس مقصد کے لئے ہے۔

اس عظیم کتاب کا نام ''مُستند رُوحانی نسخے'' حضرت مولانا محمد عمر پالن پوری رحمۃ اللہ علیہ کے ''ساٹھ روحانی نسخوں'' کی نسبت سے رکھ دیا۔ دعا ہے اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے دربار عالیہ میں قبول ومنظور فرمائے۔ آمین

محتاج دعا

**ابن الحافظ سیالوی**

۱۰ رمضان المبارک ۱۴۲۶ھ

**15-10-2005**

# فہرست


| صفحہ نمبر | فہرست عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| | **حصہ اوّل** | |
| | **چھیاسٹھ روحانی نسخے** | |
| 17 | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی عجیب وغریب فضیلت | ۱ |
| 19 | چوری اور شیطانی اثرات سے حفاظت کیلئے | ۲ |
| 19 | ظالم پر غلبہ حاصل ہو | ۳ |
| 19 | ذہن اور حافظہ قوی ہو جائے | ۴ |
| 20 | دن رات ذکر کرنے سے زیادہ افضل عمل | ۵ |
| 22 | بڑا نور حاصل کرنے کیلئے | ۶ |
| 23 | معرفت الٰہی کے حصول کیلئے اور بلاؤں سے حفاظت کیلئے مجرّب واکسیر عمل | ۷ |
| 26 | دیندار بننے کا آسان نسخہ | ۸ |
| 28 | حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا طریقہ | ۹ |
| 29 | جو دعا مانگی جائے گی قبول ہوگی | ۱۰ |
| 30 | جو مانگے وہ عطا ہو | ۱۱ |

| صفحہ نمبر | فہرست عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 31 | قبولیت دعاء کا عمل | ۱۲ |
| 32 | دعا کی قبولیت کے لیے ایک مجرّب عمل | ۱۳ |
| 32 | وظیفہ خاص حضرت شاہ ابرار الحق | ۱۴ |
| 33 | نظر بد دور کرنے کا مسنون وظیفہ | ۱۵ |
| 35 | نظر بد و نظر حسن دونوں کا اثر حق ہے | ۱۶ |
| 37 | عزت دلانے والی قرآن کی ایک خاص آیت | ۱۷ |
| 38 | غمگین شخص کے کان میں اذان دینا | ۱۸ |
| 39 | بداخلاق کے کان میں اذان دینا | ۱۹ |
| 40 | شیطان کے پریشان کرنے اور ڈرانے کے وقت اذان کہنا | ۲۰ |
| 41 | غول بیابانی ( بھوتوں ) کو دیکھ کر اذان کہنا | ۲۱ |
| 41 | جن مختلف مواقع میں اذان کہنی چاہئے | ۲۲ |
| 42 | بری موت سے بچنے کا نبوی نسخہ | ۲۳ |
| 43 | ظالم کے ظلم سے حفاظت کا نبوی نسخہ | ۲۴ |

| نمبر شمار | فہرست عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۵ | ستر حاجتیں پوری ہوں حاسد اور دشمن پر غالب رہے | 44 |
| ۲۶ | ہر برائی اور تکلیف سے حفاظت کے لئے | 47 |
| ۲۷ | دشمن سے حفاظت کا قلعہ | 49 |
| ۲۸ | رزق میں برکت کے لیے ایک مجرّب عمل | 50 |
| ۲۹ | حصول شفاء کے لئے قرآنی وظیفہ | 51 |
| ۳۰ | دعائے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ برائے قرب الی اللہ | 51 |
| ۳۱ | پاؤں کی تکلیف یا کسی بھی درد کیلئے نبوی نسخہ | 52 |
| ۳۲ | روزی میں برکت کے لیے نبوی نسخہ | 53 |
| ۳۳ | جملہ قسم کی پریشانیاں دور کرنے کیلئے مسنون مجرّب عمل | 54 |
| ۳۴ | دونوں جہاں کی خیر نصیب ہو | 55 |
| ۳۵ | جمعہ کی نماز کے بعد گناہ معاف کروانے کا ایک نبوی نسخہ | 57 |
| ۳۶ | اندھے پن، کوڑی اور فالج سے حفاظت کے لئے مسنون عمل | 58 |
| ۳۷ | قید ناحق سے چھٹکارے کا نبوی نسخہ | 59 |

| نمبر شمار | فہرست عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۳۸ | جملہ مصائب سے نجات اور مقاصد کے حصول کیلئے ایک مجرّب نسخہ | 60 |
| ۳۹ | چوتھے آسمان کے فرشتے کو مدد کے لیے حرکت میں لانے والی دعا | 61 |
| ۴۰ | نیند اگر نہ آئے تو یہ دعا پڑھے | 64 |
| ۴۱ | حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی نیند اُچاٹ ہو جایا کرتی تھی | 65 |
| ۴۲ | دُعا کی قبولیت کے لیے چند کلمات | 66 |
| ۴۳ | پھوڑے پھنسیوں اور زخموں کا مٹی سے علاج نبوی | 68 |
| ۴۴ | لڑکا خوبصورت پیدا ہو | 69 |
| ۴۵ | ایک دُعا جو سات ہزار مرتبہ تسبیح پڑھنے سے بہتر ہے | 69 |
| ۴۶ | دل کی بیماری دور کرنے کا نبوی نسخہ | 72 |
| ۴۷ | دل کی ہر بیماری کے لیے مجرّب نسخہ | 72 |
| ۴۸ | برائے حفظ و حافظہ | 73 |

| نمبر شمار | فہرست عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۴۹ | برائے حفظ و حافظہ | 74 |
| ۵۰ | حصول ملازمت کیلئے سورۃ الضحیٰ کا خاص عمل | 75 |
| ۵۱ | حالت مرض کی دعا | 76 |
| ۵۲ | بچوں کی بدتمیزی کا سبب اور اس کا علاج | 77 |
| ۵۳ | ڈاڑھ اور کان کے درد کیلئے عمل | 77 |
| ۵۴ | سفر میں جانے والا بخیر و عافیت گھر واپس لوٹے | 78 |
| ۵۵ | جنات و آسیب کیلئے علاج نبوی | 79 |
| ۵۶ | سمندر اور کشتیوں میں ڈوبنے سے بچاؤ کیلئے مسنون عمل | 81 |
| ۵۷ | ایک مجرب عمل برائے عافیت اہل و عیال و انجانا خوف | 82 |
| ۵۸ | جو شخص اپنی مصیبت کسی پر ظاہر نہ کرے | 83 |
| ۵۹ | دینی کاموں میں لوگوں کی طرف سے رکاوٹ نہ ہو اور صحیح فیصلہ کرنے کی توفیق نصیب ہو | 84 |
| ۶۰ | بیوی کی ناراضگی دور ہو | 85 |
| ۶۱ | محبت بڑھانے کیلئے میاں بیوی کا آپس میں جھوٹ بولنا | 86 |


http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

| نمبر شمار | فہرست عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ٦٢ | میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے کا آسان نسخہ | 88 |
| ٦٣ | موت کے سوا ہر چیز سے امن | 89 |
| ٦٤ | آپ مریض ہیں تو یہ عمل کریں | 90 |
| ٦٥ | محفوظ قلعہ ہر شے سے حفاظت کیلئے | 92 |
| ٦٦ | دفع غم و فکر کیلئے علامہ آلوسی کا ورد | 94 |
| ☆ | دم جھاڑا کر کے رقم لینا جائز ھے | 95 |
| | **حصہ دوم** | |
| | ساٹھ روحانی نسخے | 97 |
| ١ | زیارت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نصیب ہو | 98 |
| ٢ | گردے اور پتے کی پتھری کے لئے | 98 |
| ٣ | موذی جانور یا دشمن سے خوف ہو | 99 |
| ٤ | راست بازی اور ہدایت کیلئے | 100 |
| ٥ | درد اور بیماری سے شفا کے لئے | 100 |
| ٦ | رزق کی تنگی اور کسی خاص چیز کے حصول کیلئے | 101 |


http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

| نمبر شمار | فہرست عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۷ | دل کی گھبراہٹ دور ہو | 102 |
| ۸ | مقدمہ میں کامیابی کیلئے | 102 |
| ۹ | غصہ دفع کرنے کیلئے | 103 |
| ۱۰ | بیٹے اور بیٹی کیلئے رشتہ نصیب ہو | 103 |
| ۱۱ | ذاتی مکان، وسعت رزق اور تنگی سے نجات کیلئے | 104 |
| ۱۲ | کھوئی ہوئی عزت نصیب ہو | 104 |
| ۱۳ | اولاد نرینہ اور حفاظت حمل کیلئے | 105 |
| ۱۴ | میاں بیوی کو آپس کی محبت نصیب ہو | 106 |
| ۱۵ | جادو کا اثر ختم ہو | 106 |
| ۱۶ | خاوند کی بے راہ روی اور حرام کمائی سے نجات کیلئے | 107 |
| ۱۷ | ہر جائز مراد پوری ہو | 108 |
| ۱۸ | لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو یا آتا ہو مگر پسند نہ آتا ہو | 109 |
| ۱۹ | بیٹا عالم فاضل ہو اور ذہین ہو | 110 |
| ۲۰ | عزت وقار اور نام پیدا کرنے کیلئے | 110 |


http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

| نمبر شمار | فہرست عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۱ | اولاد کی فرمانبرداری کیلئے | 111 |
| ۲۲ | ہر رنج و غم دور کرنے کیلئے | 112 |
| ۲۳ | اچھائی برائی کی تمیز ہو جائے | 112 |
| ۲۴ | امتحان میں آسان پرچوں کیلئے | 113 |
| ۲۵ | ہاتھ، پاؤں اور آنکھوں کی معذوری دور ہو | 113 |
| ۲۶ | جس بیماری کی ڈاکٹر کو سمجھ نہ آئے | 114 |
| ۲۷ | جملہ قسم کے یرقان کے لئے | 115 |
| ۲۸ | بے بسی ختم ہو اور کام جلدی ہو | 115 |
| ۲۹ | حج کرنا نصیب ہو | 115 |
| ۳۰ | چہرہ خوبصورت ہو جائے | 116 |
| ۳۱ | خاندان میں اتفاق پیدا ہو | 118 |
| ۳۲ | ظالم کا ظلم دفع ہو | 119 |
| ۳۳ | اولاد سے ناامید نہ رہیں | 119 |
| ۳۴ | دشمن کی اذیت سے محفوظ رہے | 120 |


http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

| نمبر شمار | فہرست عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۳۵ | نیا کاروبار شروع کرنے سے پہلے پڑھیں | 121 |
| ۳۶ | بدن پر ناسور یا داغ ہو | 121 |
| ۳۷ | اولاد مرجاتی ہو تو اس کی محافظت کیلئے | 122 |
| ۳۸ | جس کسی کو اولاد نہ ہوتی ہو | 122 |
| ۳۹ | بچوں کے سوکھے پن اور جملہ امراض کیلئے | 123 |
| ۴۰ | جھوٹی تہمت سے چھٹکارا نصیب ہو | 124 |
| ۴۱ | اللہ کی ہر نعمت حاصل ہو | 124 |
| ۴۲ | نافرمان اولاد فرمانبردار ہو | 125 |
| ۴۳ | وسعت رزق کیلئے مجرب عمل | 126 |
| ۴۴ | دائمی صحت وتندرستی کیلئے | 126 |
| ۴۵ | بخار کی تیزی ختم ہو | 127 |
| ۴۶ | اولاد کی نعمت نصیب ہو | 127 |
| ۴۷ | لاعلاج مرض کیلئے | 128 |
| ۴۸ | بیٹے یا بیٹی کی شادی مبارک ہو | 129 |



http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

| نمبر شمار | فہرست عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۴۹ | جنت الفردوس کی وراثت نصیب ہو اور عزت کی حفاظت رہے | 130 |
| ۵۰ | عمل برائے استخارہ | 129 |
| ۵۱ | ہر مشکل آسان ہو | 132 |
| ۵۲ | دشمن کا خوف نہ رہے | 133 |
| ۵۳ | پاگل پن اور جملہ دماغی امراض کیلئے | 134 |
| ۵۴ | خوبصورت بیٹا، بیٹی عطا ہو | 135 |
| ۵۵ | ہدایت ملے اور دل کی غفلت دور ہو | 136 |
| ۵۶ | دین و دنیا میں فتوحات نصیب ہوں | 137 |
| ۵۷ | عزت نفس کے مجروح ہوتے وقت عمل | 137 |
| ۵۸ | کاروبار میں خسارہ کے وقت یہ عمل کرے | 138 |
| ۵۹ | دین و دنیا کی نعمتوں سے مالا مال رہے | 138 |
| ۶۰ | سرطان، طاعون اور پھوڑے پھنسیوں سے بچا رہے | 139 |
| ☆ | ایک مریض کی تسلی کے لیے خط اور شفا کیلئے چودہ روحانی نسخے | 140 |


http://mujahid.xtgem.com

# حصہ اوّل

# چھیاسٹھ روحانی نسخے

از

مولانا محمد یونس پالن پوری مدظلہ العالی
ابن
مولانا محمد عمر پالن پوری رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ و تحقیق

صاحبزادہ مولانا ابن الحافظ سیالوی

ناشر

ادارۃ القاسم لاہور

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

## توجہ طلب گزارش

ایسے حضرات جوکسی دوسرے حاجت مند یا مریض کیلئے کوئی وظیفہ پڑھنا چاہتے ہوں یا عمل کے کرنے کا کہنا چاہتے ہوں انکے لئے ضروری ہے کہ وہ پہلے خود اجازت یافتہ ہوں اور اپنے عمل کے کرنے کرانے میں تاثیر پیدا کر چکے ہوں۔ ورنہ انکے لئے ضروری ہے کہ پہلے کسی شیخ کامل سے اجازت حاصل کریں تاکہ کسی بھی نقصان سے بچا جاسکے اس کے بعد کسی کے لئے عمل کریں یا کسی کو عمل کرنے کا کہیں (شکریہ)

## ہدایات برائے عاملین

1۔ منزل حضرت شیخ محمد طلحہ کاندھلوی روزانہ 3 مرتبہ پڑھنے کا معمول رکھیں۔

2۔ منزل درود شریف پنجگانہ مولانا محمد قاسم ضیاء چیانوی ہر نماز کے بعد ایک منزل پڑھنے کا معمول رکھیں۔

(برائے رابطہ) ابن الحافظ سیالوی

# ادارۃ القاسم

دکان نمبر 1 فرسٹ فلور زبیدہ سنٹر 40 اردو بازار لاہور

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

## (۱) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی عجیب وغریب فضیلت

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب یہ آیت بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اتری تو بادل مشرق کی طرف چھٹ گئے، ہوائیں ساکن ہو گئیں، سمندر ٹھہر گیا، جانوروں نے کان لگا لئے، شیاطین پر آسمان سے شعلے گرے، پروردگار عالم نے اپنی عزت وجلال کی قسم کھا کر فرمایا کہ جس چیز پر میرا یہ نام لیا جائے گا اس میں ضرور برکت ہوگی۔

ابن مردویہ میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھ پر ایک ایسی آیت اتری ہے کہ کسی نبی پر سوائے حضرت سلیمان علیہ السلام کے ایسی آیت نہیں اتری وہ آیت بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ہے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جہنم کے اُنیس داروغوں سے جو بچنا چاہے وہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھے، اس کے بھی اُنیس حروف ہیں ہر حرف ہر فرشتہ سے بچاؤ بن جائے گا۔ اسے ابن عطیہ نے بیان کیا ہے اور اس کی تاکید ایک حدیث سے بھی کی ہے جس میں ہے کہ میں نے

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

تیس سے اوپر اوپر فرشتوں کو دیکھا کہ وہ جلدی کر رہے تھے۔ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت فرمایا تھا جب ایک شخص نے (نماز میں رکوع کے بعد) پڑھا تھا۔

رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيهِ ❀

ترجمہ اے میرے رب سب تعریف تیرے لئے ہے ایسی تعریف جو بہت زیادہ ہے پاکیزہ ہے برکت والی ہے۔

اس میں تیس سے اوپر اوپر حروف ہیں اور اتنے ہی فرشتے اُترے۔ اسی طرح بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ میں بھی اُنیس حروف ہیں اور وہاں فرشتوں کی تعداد بھی اُنیس ہے وغیرہ وغیرہ۔

مسند احمد میں ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری پر آپ کے پیچھے جو صحابی سوار تھے ان کا بیان ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی ذرا پھسلی تو میں نے کہا شیطان کا ستیاناس ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ نہ کہو اس سے شیطان پھولتا ہے اور خیال کرتا ہے کہ گویا اس نے اپنی قوت سے گرا دیا۔ ہاں بسم اللہ کہنے سے وہ مکھی کی طرح ذلیل و پست ہو جاتا ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

نسائی نے اپنی کتاب ''عَمَلَ الْيَوْمَ وَالَّيْلَة'' میں اور ابن مردویہ نے اپنی تفسیر میں بھی اسے وارد کیا ہے اور ان کا نام اسامہ بن عمیر بتلایا ہے اور اس میں ہے کہ بسم اللہ کہہ لینا مستحب ہے اور خطبہ کے شروع میں بھی بسم اللہ کہنی چاہیے۔ حدیث میں ہے کہ جس کام کو بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سے شروع نہ کیا جائے وہ بے برکت ہوتا ہے۔ پاخانہ میں جاتے وقت بھی بسم اللہ پڑھ لے۔ (تفسیر ابن کثیر جلد اصفحہ ۳۸)

## (۲) چوری اور شیطانی اثرات سے حفاظت کیلئے

جو شخص سونے سے پہلے اکیس مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے تو چوری اور شیطانی اثرات سے اور اچانک موت کے آنے سے محفوظ رہے گا۔

## (۳) ظالم پر غلبہ حاصل ہو

جو مظلوم شخص کسی ظالم کے سامنے پچاس مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس ظالم کو مغلوب کر کے پڑھنے والے کو غالب کریں گے۔ (بحوالہ خزانہ اعمال ص ۸)

## (۴) ذہن اور حافظہ قوی ہو جائے

جس کسی کا حافظہ کمزور ہو وہ سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم

http://mujahid.xtgem.com

پانی پر دم کر کے طلوع آفتاب کے وقت پیئے تو ذہن کھل جائے گا اور حافظہ قوی ہو جائے گا۔

## (۵) دن رات ذکر کرنے سے زیادہ افضل عمل

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مجھے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ میں اپنے ہونٹوں کو ہلا رہا ہوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا اے ابو امامہ! تم ہونٹ ہلا کر کیا پڑھ رہے ہو؟ میں نے کہا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اللہ کا ذکر کر رہا ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تجھے ایسا ذکر نہ بتاؤں جو تمہارے دن رات ذکر کرنے سے زیادہ بھی ہے اور افضل بھی ہے؟ میں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ضرور بتائیں! فرمایا تم یہ کلمات کہا کرو۔

سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ، سُبْحٰنَ اللّٰهِ مِلْأَ مَا خَلَقَ، سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا فِي الْأَرْضِ، سُبْحٰنَ اللّٰهِ مِلْأَ مَا فِي الْأَرْضِ وَالسَّمَآءِ، سُبْحٰنَ اللّٰهِ

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

عَدَدَ مَآ اَحْصٰی كِتَابُهٗ، سُبْحٰنَ اللّٰهِ
مِلْأَ مَآ اَحْصٰی كِتَابُهٗ، سُبْحٰنَ اللّٰهِ
عَدَدَ كُلِّ شَیْءٍ، سُبْحٰنَ اللّٰهِ مِلْأَ
كُلِّ شَیْءٍ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْأَ مَا فِی الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ مَآ اَحْصٰی كِتَابُهٗ
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْأَ مَآ اَحْصٰی كِتَابُهٗ
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ كُلِّ شَیْءٍ، وَالْحَمْدُ
لِلّٰهِ مِلْأَ كُلِّ شَیْءٍ ❀

ترجمہ: میں اللہ کی پاکی بیان کرتا ہوں مخلوق کی تعداد کے برابر، اللہ کی پاکی مخلوق کے بھر دینے کے بقدر، اللہ کی پاکی ان تمام چیزوں کے برابر جو زمین میں ہیں، اللہ کی پاکی ان تمام چیزوں کے بھر دینے کے بقدر جو زمین و آسمان میں ہیں، اللہ کی پاکی ان تمام چیزوں کی تعداد کے برابر جن کو اس کی کتاب نے شمار کیا، اللہ

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

کی پاکی ان تمام چیزوں کے بھر دینے کے بقدر جن کو اس کی کتاب
نے شمار کیا، اللہ کی پاکی ہر چیز کی تعداد کے برابر، اللہ کی پاکی ہر چیز کو
بھر دینے کے بقدر بیان کرتا ہوں اسی طرح اللہ کی تعریف بیان کرتا
ہوں (چاروں چیزوں کے شمار کرنے اور بھر دینے کے برابر)

(حیاۃ الصحابہ ج ۳ ص ۳۲۷)

## (۶) بڑا نور حاصل کرنے کیلئے

حافظ ابو بکر بزار رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب میں لائے ہیں کہ رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس آیت کو رات کے وقت پڑھے گا
اللہ تعالیٰ اسے اتنا بڑا نور عطا فرمائے گا جو عدن سے مکہ شریف تک پہنچے۔

(یہ سورت کہف کی آخری آیت کا آخری حصہ ہے)

فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا
وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ۞ (ابن کثیر ج ۳ صفحہ ۱۸۶)

ترجمہ سو جو شخص اپنے رب سے ملنے کی آرزو رکھے تو نیک کام کرتا رہے
اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

# (۷) معرفت الٰہی کے حصول کیلئے اور بلاؤں سے حفاظت کیلئے مجرّب واکسیر عمل

یہ عمل حضرت مولانا شاہ محمد الیاس صاحب کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ کے جد امجد اور شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد خاص حضرت مفتی الٰہی بخش رحمۃ اللہ علیہ کا بارہا کا آزمایا ہوا نہایت مجرب عمل ہے۔ اس کے پڑھنے سے خدا تعالیٰ کی معرفت اور اس کی محبت نصیب ہوتی ہے جس کے نتیجہ میں نیکی کرنا اور گناہ سے بچنا بہت آسان ہو جاتا ہے۔ خدا تعالیٰ کی اطاعت عبادت اور نیکیاں بکثرت کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ کی محبت کا دل میں پیدا ہونا از حد ضروری ہے۔ اسی عظیم مقصد کیلئے اور بلاؤں کے دور کرنے اور حاجتوں کو پورا کرنے میں بھی اس عمل کو حضرتِ اقدس مولانا الحاج مفتی افتخار الحسن صاحب کاندھلوی مدظلہ العالی خلیفہ حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ بڑا مجرّب بتلاتے ہیں اور ضرورت مند لوگوں کو پڑھنے کے لیے ہدایت فرماتے ہیں۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

## ترکیب عمل:

کسی بھی ماہ کا نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلے جمعہ سے مستقل سات دن تک نیچے لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق روزانہ دن میں یا رات میں ایک وقت اور جگہ متعین کر کے پابندی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے ان مبارک ناموں کا وظیفہ پڑھے اگر کسی مجبوری سے جگہ اور وقت کی تبدیلی ہو جائے تو کوئی حرج نہیں ہوگا۔ اگر کسی کو بدرجہ مجبوری یہ عربی دعا یاد نہ ہو سکے تو اس کا اردو ترجمہ ہی پڑھ لے ان شاء اللہ محروم نہ رہے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| جمعہ کے دن | یَا اَللّٰہُ یَا ھُوَ | ایک ہزار مرتبہ |
| ہفتہ کے دن | یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ | ایک ہزار مرتبہ |
| اتوار کے دن | یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ | ایک ہزار مرتبہ |
| پیر کے دن | یَاصَمَدُ یَا وِتْرُ | ایک ہزار مرتبہ |
| منگل کے دن | یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ | ایک ہزار مرتبہ |
| بدھ کے دن | یَاحَنَّانُ یَا مَنَّانُ | ایک ہزار مرتبہ |
| جمعرات کے دن | یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ | ایک ہزار مرتبہ |

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

اور جمعہ کے دن بعد نمازِ جمعہ کم از کم تین مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

اے اللہ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں ان عظیم اور مبارک ناموں کے واسطے سے کہ آپ رحمت بھیجئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی پاکیزہ آل پر اور سوال کرتا ہوں یہ کہ مجھے شامل فرمالے اپنے مقرب اور نیک بندوں میں۔ مجھے یقین کی دولت عطا فرما، دنیاوی امراض، مصیبتوں اور آخرت کے عذاب سے اپنی امان میں رکھ۔ ظالموں اور دشمنوں سے میری حفاظت فرما، ان کے دلوں کو پھیر دے۔ ان کو شر سے ہٹا کر خیر کی توفیق عنایت کرنا آپ ہی کے اختیار میں ہے، یا اللہ میری اس درخواست کو قبول فرما، یہ میری صرف ایک کوشش ہے، بھروسہ اور توکل آپ ہی پر ہے۔

(بیان کردہ حضرت مولانا افتخار الحسن صاحب کاندھلوی)

**فائدہ** بندہ عاجز کی ادنی رائے یہ ہے کہ جس مقصد کے لئے پڑھا جائے اسکی نیت کر لی جائے اور جب تک وہ مقصد پورا نہ ہو لگا تار ہر ماہ کے پہلے جمعہ سے سات دن کرتے رہیں مجرب واکسیر عمل ہے یقین محکم ہونا ضروری ہے۔ کسی ناگہانی آفت یا مصیبت کے درپیش ہونے کے وقت چاہے وہ مصیبت فصلوں پر، باغات پر یا جانوروں پر آئی ہو یا انسانوں پر آئی ہو اس

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

مصیبت کے دفع کی نیت کر کے یہ عمل کیا جا سکتا ہے۔ ہمارے بزرگوں کا عمل ہے۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ پڑھنے والے کی طرف سے قبول فرمائے۔

## (۸) دیندار بننے کا آسان نسخہ

حضرت شاہ عبدالغنی پھولپوری قدس سرہ العزیز نے ارشاد فرمایا (کہ جس شخص کو) شدید قبض طاری ہو اور قلب میں انتہائی ظلمت اور جمود پیدا ہو گیا ہو اور سالہا سال سے دل کی یہ کیفیت نہ جاتی ہو تو ہر روز وضو کر کے پہلے دو رکعت نماز نفل توبہ کی نیت سے پڑھے پھر سجدہ میں جا کر بارگاہ رب العزت میں عجز و ندامت کے ساتھ خوب گریہ وزاری کرے اور خوب استغفار کرے پھر اس وظیفہ کو (۳۶۰) مرتبہ پڑھا جائے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۞

ترجمہ: اے زندہ رہنے والے۔ اے قائم رکھنے والے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے۔ بے شک میں ہی ظلم کرنے والوں میں سے ہوں۔ (پارہ ۱۷ آیت ۸۷ سورۃ الانبیاء)

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

وظیفہ مذکور میں یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ دو اسماء الٰہیہ ایسے ہیں جن کے اسم اعظم ہونے کی روایت ہے اور آگے وہ خاص آیت ہے جس کی برکت سے حضرت یونس علیہ السلام نے تین تاریکیوں سے نجات پائی پہلی تاریکی اندھیری رات کی دوسری پانی کے اندر کی تیسری مچھلی کے شکم کی۔ ان تین تاریکیوں میں حضرت یونس علیہ السلام کی کیا کیفیت تھی اس کو خود حق تعالیٰ جلّ شانہ نے ارشاد فرمایا وَهُوَ مَكْظُوْمٌ اور وہ گھٹ رہے تھے۔ کظم عربی لغت میں اس کرب و بے چینی کو کہتے ہیں جس میں خاموشی ہو۔ حضرت یونس علیہ السلام کو اسی آیت کریمہ کی برکت سے حق تعالیٰ شانہ نے غم سے نجات عطا فرمائی اور آگے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ

وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۞

ترجمہ اور اسی طرح ہم ایمان والوں کو نجات عطا فرماتے ہیں۔

پس معلوم ہوا کہ قیامت تک غموں سے نجات پانے کے لیے یہ نسخہ نازل فرما دیا گیا۔ جو کلمہ گو بھی کسی اضطراب و بلا میں کثرت سے اس آیت کریمہ کا ورد رکھے گا ان شاء اللہ تعالیٰ نجات پائے گا۔

(شرح مثنوی مولانا رومؒ اردو۔ حضرت مولانا حکیم محمد اختر صاحب مدظلہ حصہ اول صفحہ ۱۳۶)

http://mujahid.xtgem.com

## (۹) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا طریقہ

بزرگوں نے لکھا ہے کہ اگر کسی شخص کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا شوق ہو وہ جمعہ کی رات میں دو رکعت نفل نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد (۱۱) مرتبہ آیۃ الکرسی اور (۱۱) مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد سو مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ❀

ترجمہ: اے اللہ تو نبی اُمی صلی اللہ علیہ وسلم اور انکی آل پر اور اسکے تمام صحابہ پر رحمت نازل فرما اور برکت اور سلام نازل فرما۔

جو شخص چند مرتبہ یہ عمل کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب فرما دیتے ہیں بشرطیکہ شوق اور طلب کامل ہو اور گناہوں سے بھی بچتا ہو۔ (اصلاحی خطبات جلد ۶ ص ۱۰۴)

http://mujahid.xtgem.com

## (۱۰) جو دعا مانگی جائے گی قبول ہوگی

حدیث شریف میں ہے کہ مندرجہ ذیل کلمات پڑھنے کے بعد جو دعا مانگی جاتی ہے قبول ہوتی ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

(طبرانی، منتخب احادیث صفحہ ۳۴۰)

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کا سب ملک ہے اسی کی سب تعریف ہے وہی ہر چیز پر قادر ہے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور گناہوں سے بچنے اور نیکی پر لگنے کی طاقت صرف اسی عظیم بلند و برتر ذات کی طرف سے ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

## (۱۱) جو مانگے وہ عطا ہو

حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں تمہیں ایک ایسی حدیث نہ سناؤں جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کئی مرتبہ سنی اور حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بھی کئی مرتبہ سنی ہے۔ میں نے عرض کیا ضرور سنائیں حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو شخص صبح اور شام یہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنْتَ تَھْدِیْنِیْ وَاَنْتَ تُطْعِمُنِیْ وَاَنْتَ تَسْقِیْنِیْ وَاَنْتَ تُمِیْتُنِیْ وَاَنْتَ تُحْیِیْنِیْ ❀

ترجمہ: اے اللہ! آپ ہی نے مجھے پیدا کیا اور آپ ہی مجھے ہدایت دینے والے ہیں اور آپ ہی مجھے کھلاتے ہیں اور آپ ہی مجھے پلاتے ہیں اور آپ ہی مجھے ماریں گے اور آپ ہی مجھے زندہ کریں گے۔

اس دعا کے پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے جو مانگے گا اللہ تعالیٰ ضرور اس کو عطا فرمائیں گے۔ (رواہ الطبرانی فی الاوسط باسناد حسن، مجمع الزوائد)

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

## (۱۲) قبولیت دعاء کا عمل

حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھے قرآن کریم کی ایک ایسی آیت معلوم ہے کہ اس کو پڑھ کر آدمی جو دعا کرتا ہے قبول ہوتی ہے پھر یہ آیت تلاوت فرمائی۔

قُلِ اللّٰھُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
عٰلِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ اَنْتَ تَحْکُمُ
بَیْنَ عِبَادِکَ فِیْ مَاکَانُوْافِیْہِ یَخْتَلِفُوْنَ

(قرطبی) (معارف القرآن جلد ۷ صفحہ ۵۶۶)

ترجمہ آپ کہئے کہ اے اللہ آسمان اور زمین کے پیدا کرنے والے باطن اور ظاہر کے جاننے والے آپ ہی (قیامت کے روز) اپنے بندوں کے درمیان ان امور میں فیصلہ فرمادیں گے جن میں وہ باہم اختلاف کرتے تھے۔ (پارہ ۲۴ آیت ۴۶ سورۃ الزمر)

**فائدہ** ہاتھ اٹھانے کے بعد اول حمد وثناء کرے اس کے بعد درود شریف پڑھے اور مذکورہ آیت کو پڑھے پھر اپنی مطلوبہ دعا مانگے ان شاء اللہ قبول ہوگی۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

## (۱۳) دعا کی قبولیت کے لیے ایک مجرّب عمل

مشائخ وعلماء نے حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھنے کے فوائد میں لکھا ہے کہ اس آیت کوایک ہزار مرتبہ جذبہ ایمان اور انقیاد کے ساتھ پڑھا جائے اور دعا مانگی جائے تو اللہ تعالیٰ رد نہیں فرماتا، ہجوم وافکار اور مصائب کے وقت اس کا پڑھنا مجرب ہے۔

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ۞

ترجمہ کافی ہے میرے لئے اللہ تعالیٰ اور وہ اچھا کارساز ہے۔

(معارف القرآن جلد۲ص۲۴۴)

## (۱۴) وظیفہ خاص حضرت شاہ ابرار الحق

اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں اس کے بعد یہ آیت

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ۞

درج ذیل مقاصد میں سے جس کے لئے پڑھیں کامیابی ہوگی۔

(۱) حفاظت از شرور وفتن (۳۴۱) مرتبہ پڑھیں

(۲) برائے وسعت رزق وادائے قرض (۳۰۸) مرتبہ پڑھیں

http://mujahid.xtgem.com

(۳) برائے تکمیل خاص کام (۱۱۱) مرتبہ پڑھیں

(۴) برائے کفالت از مصائب و پریشانی (۱۴۰) مرتبہ پڑھیں

(بیان فرمودہ حضرت مولانا شاہ ابرار الحق صاحب)

## (۱۵) نظر بد دور کرنے کا مسنون وظیفہ

ابن عساکر میں ہے کہ جبرائیل علیہ السلام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تشریف لائے۔ آپ اس وقت غمزدہ تھے۔ سبب پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حسن و حسین کو نظر لگ گئی ہے۔ فرمایا یہ سچائی کے قابل چیز ہے نظر واقعی لگتی ہے۔ آپ نے یہ کلمات پڑھ کر انہیں پناہ میں کیوں نہ دیا؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا وہ کلمات کیا ہیں؟ فرمایا یوں کہو۔

اَللّٰهُمَّ ذَا السُّلْطَانِ الْعَظِيْمِ وَالْمَنِّ الْقَدِيْمِ ذَا الْوَجْهِ الْكَرِيْمِ وَلِيَّ الْكَلِمَاتِ التَّآمَّاتِ وَ الدَّعَوَاتِ الْمُسْتَجَابَاتِ عَافِ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ مِنْ اَنْفُسِ الْجِنِّ وَاَعْيُنِ الْاِنْسِ ❀

ترجمہ: اے اللہ! آپ عظیم بادشاہت کے مالک، قدیم احسان

http://mujahid.xtgem.com

کرنے والے، صاحب وجہ کریم اور کلمات تامہ اور مستجاب
دعاؤں کے مالک ہیں آپ حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو جنوں
اور انسانوں کی نظر بد سے عافیت میں رکھیئے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا پڑھی تو اسی وقت دونوں بچے اٹھ کھڑے ہوئے اور آپ کے سامنے کھیلنے کودنے لگے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگو! اپنی جانوں کو، اپنی بیویوں کو اور اپنی اولاد کو اسی پناہ (دعائے جبرائیل) کے ساتھ پناہ دیا کرو، اس جیسی اور کوئی پناہ کی دعا نہیں۔

(تفسیر ابن کثیر جلد ۵ ص ۴۱۶)

فائدہ: اول آخر درود شریف پڑھ کر مذکورہ بالا دعا تین مرتبہ پڑھیں اور مریض پر دم کریں یہ عمل ایک مجلس میں تین مرتبہ کریں دعا کے اندر جہاں حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہما کا نام ہے ان کی جگہ پر موجودہ مریض کا نام لیں مثلاً عَافِ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ کی جگہ موجودہ مریض بچہ جس کا
نام ہے فرض کرو "الطاف" تو پڑھیں گے "عَافِ الْطَافَ"
مِنْ اَنْفُسِ الْجِنِّ وَاَعْيُنِ الْاِنْسِ۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

## (١٦) نظر بد و نظر حسن دونوں کا اثر حق ہے

حدیث میں ہے کہ نظر بد ایک انسان کو قبر میں اور ایک اونٹ کو ہنڈیا میں داخل کر دیتی ہے۔ اسی لیے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جن چیزوں سے پناہ مانگی اور امت کو پناہ مانگنے کی تلقین فرمائی ہے ان میں مِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَامَّۃٍ بھی مذکور ہے یعنی میں پناہ مانگتا ہوں نظر بد سے (قرطبی)

صحابہ کرام میں ابو سہل بن حنیف کا واقعہ معروف ہے کہ انہوں نے ایک موقع پر غسل کرنے کے لیے کپڑے اُتارے تو ان کے سفید رنگ تندرست بدن پر عامر بن ربیعہ کی نظر پڑ گئی اور ان کی زبان سے نکلا کہ میں نے تو آج تک اتنا حسین بدن کسی کا نہیں دیکھا، یہ کہنا تھا کہ فوراً سہل بن حنیف کو سخت بخار چڑھ گیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب اس کی اطلاع ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ علاج تجویز کیا کہ عامر بن ربیعہ کو حکم دیا کہ وہ وضو کریں اور وضو کا پانی کسی برتن میں جمع کریں، یہ پانی سہل بن حنیف کے بدن پر ڈالا جائے، لہذا ایسا ہی کیا گیا تو فوراً سہل بن حنیف کا بخار اتر گیا اور وہ بالکل تندرست ہو کر جس مہم پر رسول کریم صلی

http://mujahid.xtgem.com

اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جارہے تھے اس پر روانہ ہوگئے۔

اس واقعہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عامر بن ربیعہ کو یہ تنبیہ بھی فرمائی کہ کوئی شخص اپنے بھائی کو کیوں قتل کرتا ہے، تم نے ایسا کیوں نہ کیا کہ جب ان کا بدن تمہیں خوبصورت نظر آیا تو برکت کی دعا کر لیتے۔

نظر کا اثر ہو جانا حق ہے۔ اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جب کسی شخص کو کسی دوسرے کی جان و مال میں کوئی اچھی بات تعجب انگیز نظر آئے تو اس کو چاہیے کہ اس کے واسطے یہ دعا کرے کہ اللہ تعالیٰ اس میں برکت عطا فرمادے، بعض روایات میں ہے کہ

مَاشَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۞

ترجمہ جو اللہ تعالیٰ چاہیں۔ نہیں ہے طاقت مگر اللہ کے ساتھ

کہے اس سے نظر بد کا اثر جاتا رہتا ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ کسی کی نظر بد کسی کو لگ جائے تو نظر لگانے والے کے ہاتھ پاؤں اور چہرہ کا غسالہ اس کے بدن پر ڈالنا نظر بد کے اثر کو زائل کر دیتا ہے، قرطبی نے فرمایا کہ تمام علماء امت اہل سنت والجماعت کا اس پر اتفاق ہے کہ نظر بد لگ جانا اور اس سے نقصان پہنچ جانا حق ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

نوٹ: جب بری نظر کی تاثیر ہے تو اچھی نظر کی تاثیر بھی ہوسکتی ہے۔ اولیاء اللہ خاصانِ خدا جب نظر ڈالتے ہیں تو ہدایت عام ہوجاتی ہے۔

(معارف القرآن جلد۵ ص ۹۸)

## (۱۷) عزت دلانے والی قرآن کی ایک خاص آیت

حضرت امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے مسند میں نیز طبرانی نے عمدہ سند کے ساتھ حضرت معاذ جہنی رضی اللہ عنہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمارہے تھے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا

ترجمہ: تمام خوبیاں اسی اللہ (پاک) کے لئے (خاص) ہیں جو نہ اولاد رکھتا ہے اور نہ اس کا کوئی سلطنت میں شریک ہے اور نہ کمزوری کی وجہ سے اس کا کوئی مددگار ہے اور اس کی خوب بڑائیاں بیان کیا کیجئے۔ (پارہ ۱۵ آیت ۱۱۱ سورۃ بنی اسرائیل)

http://mujahid.xtgem.com

یہ آیت آیتِ عزت ہے۔ (تفسیر مظہری جلد ۷ ص ۱۶۶)

**فائدہ:** جو کوئی مذکورہ آیت قرآنی صبح وشام پڑھ لیا کرے دونوں جہان میں عزت نصیب ہو، کسی مجلس یا حاکم کے سامنے جانے سے پہلے تین مرتبہ پڑھ لے تو عزت پائے۔

## (۱۸) غمگین شخص کے کان میں اذان دینا

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے غمگین دیکھ کر فرمایا ابن ابی طالب میں تمہیں غمگین دیکھ رہا ہوں؟ میں نے کہا جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

فَمُرْ بَعْضَ اَهْلِكَ يُؤَذِّنُ فِيْ اُذُنِكَ
فَاِنَّهٗ دَوَاءٌ لِّلْهَمِّ ❀

ترجمہ "تم اپنے گھر والوں میں سے کسی سے کہو کہ وہ تمہارے کان میں اذان دے کیونکہ یہ غم کا علاج ہے۔"

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے یہ عمل کیا تو میرا غم دور ہو گیا، اسی طرح اس حدیث کے تمام راویوں نے اس کو آزما کر دیکھا تو

http://mujahid.xtgem.com

سب نے اس کو مجرب پایا۔ (کنز العمال جلد۲ص ۶۵۸)

**فائدہ:** جو شخص کسی رنج وغم میں مبتلا ہو اس کے کان میں اذان دینے سے اس کا رنج وغم دور ہو جاتا ہے۔

## (۱۹) بد اخلاق کے کان میں اذان دینا

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَنْ سَآءَ خُلُقُهٗ مِنْ اِنْسَانٍ اَوْ دَآبَّةٍ فَاَذِّنُوْا فِیْ اُذُنِهٖ ❀

ترجمہ: جو بد اخلاق ہو جائے، خواہ انسان ہو یا چوپایہ تو اس کے کان میں اذان دو۔ (رواہ الدیلمی مرقات شرح مشکوٰۃ جلد۲ص ۱۴۹)

**فائدہ:** جس کی عادت خراب ہو جائے یا کوئی نافرمان ہو جائے خواہ انسان ہو یا جانور تو اس کے کان میں اذان دی جائے وہ فرمانبردار ہوگا اور اس کی عادت درست ہو جائے گی۔ اسی طرح اگر بس، کار، یا کوئی بڑی گاڑی وغیرہ بار بار تنگ کر رہی ہو تو اس کے اندر اذان دی جائے اور اپنی طاقت کے مطابق کچھ صدقہ دیا جائے۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

## (۲۰) شیطان کے پریشان کرنے اور ڈرانے کے وقت اذان کہنا

حضرت سہیل بن ابی صالح کہتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے بنو حارثہ کے پاس بھیجا اور میرے ہمراہ ہمارا ایک بچہ یا ساتھی تھا۔ دیوار کی طرف سے کسی پکارنے والے نے اس کا نام لے کر آواز دی، اور اس ساتھی نے جو میرے ہمراہ تھا دیوار کی طرف دیکھا تو اس کو کوئی چیز نظر نہیں آئی، پھر میں نے اپنے والد صاحب سے اس کا تذکرہ کیا تو انہوں نے فرمایا اگر مجھے پتہ ہوتا کہ تمہیں یہ بات پیش آئے گی تو میں تم کو نہ بھیجتا:

وَلٰکِنْ اِذَا سَمِعْتَ صَوْتًا فَنَادِ بِالصَّلٰوۃِ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ اَبَا هُرَیْرَۃَ یُحَدِّثُ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم اَنَّہٗ قَالَ اِنَّ الشَّیْطٰنَ اِذَا نُوْدِیَ بِالصَّلٰوۃِ وَلّٰی وَلَہٗ حُصَاصٌ ۞

ترجمہ: ”لیکن (یہ بات یاد رکھو کہ) جب تم کوئی آواز سنو تو بلند آواز

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

سے اذان کہو، کیونکہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ جب اذان کہی جاتی ہے تو شیطان پیٹھ پھیر کر گوز مارتا ہوا بھاگتا ہے۔"

**فائدہ:** جب شیطان کسی کو پریشان کرے اور ڈرائے اس وقت بلند آواز سے اذان کہنی چاہیے، کیونکہ شیطان اذان سے بھاگتا ہے،

## (۲۱) غول بیابانی (بھوتوں) کو دیکھ کر اذان کہنا

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ

**اِذَا تَغَوَّلَتْ لَكُمُ الْغِيْلَانُ فَاَذِّنُوْا ❀**

ترجمہ "جب تمہارے سامنے بھوت پریت مختلف شکلوں میں نمودار ہوں تو اذان کہو"۔ (مصنف عبدالرزاق جلد ۵ ص ۱۶۳)

**فائدہ:** اگر کوئی شخص بھوت پریت دیکھے یا مختلف قسم کے ہیولے نظر آئیں تو اس وقت بلند آواز سے اذان کہنی چاہیے۔ سب دفع ہو جائیگا۔

## (۲۲) جن مختلف مواقع میں اذان کہنی چاہیے

مذکورہ مواقع کے علاوہ اذان کے درج ذیل مواقع بھی بزرگوں نے ذکر

http://mujahid.xtgem.com

کیے ہیں۔(۱) آگ لگنے کے وقت (۲) کفار سے جنگ کرنے کے وقت (۳) غصہ کے وقت (۴) جب مسافر راستہ بھول جائے (۵) اور جب کسی کو مرگی کا دورہ پڑے، لہٰذا علاج اور عمل کے طور پر ان مواقع میں بھی اذان کہنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ امدادالفتاویٰ میں ہے ان مواقع میں اذان سنت ہے۔(۱) فرض نماز (۲) بچہ کے کان میں وقت ولادت (۳) آگ لگنے کے وقت (۴) جنگ کفار کے وقت (۵) مسافر کے پیچھے جب شیاطین ظاہر ہو کر ڈرائیں (۶) غم کے وقت (۷) غضب کے وقت (۸) جب مسافر راہ بھول جائے (۹) جب کسی کو مرگی آدے (۱۰) جب کسی آدمی یا جانور کی بدخلقی ظاہر ہو، اس کو صاحب ردالمختار نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے۔ (امدادالفتاویٰ جلد ا ص ۱۶۵)

## (۲۳) بری موت سے بچنے کا نبوی نسخہ

حضرت عثمان رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں حضرت حارثہ بن نعمان رضی اللہ عنہ کی بینائی جا چکی تھی انہوں نے اپنی نماز کی جگہ سے لے کر اپنے کمرے کے دروازے تک ایک رسی باندھ رکھی تھی جب دروازے پر کوئی مسکین آتا تو

http://mujahid.xtgem.com

اپنے ٹوکرے میں سے کچھ لیتے اور رسی کو پکڑ کر دروازے تک جاتے اور خود اپنے ہاتھ سے اس مسکین کو دیتے۔ گھر والے ان سے کہتے آپ کی جگہ ہم جا کر مسکین کو دے آتے ہیں وہ فرماتے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ مسکین کو اپنے ہاتھ سے دینا بری موت سے بچاتا ہے۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ۲ ص ۲۳۴)

## (۲۴) ظالم کے ظلم سے حفاظت کا نبوی نسخہ

حضرت ابورافع رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ نے (مجبور ہو کر) حجاج بن یوسف سے اپنی بیٹی کی شادی کی اور بیٹی سے کہا جب وہ تمہارے پاس اندر آئے تو تم یہ دعا پڑھنا۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ
سُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ❀

ترجمہ ''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو حلیم اور کریم ہے اللہ پاک ہے جو عظیم عرش کا رب ہے اور تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو

http://mujahid.xtgem.com

تمام جہانوں کا رب ہے۔"

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی سخت امر پیش آتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا پڑھتے۔ راوی کہتے ہیں (حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی بیٹی نے یہ دعا پڑھی جس کی وجہ سے) حجاج اس کے قریب نہ آ سکا۔ (حیاۃ الصحابہ جلد۳ ص ۴۱۲)

**فائدہ:** کسی ظالم شخص یا حاکم کی طرف سے کسی مصیبت کے پہنچنے یا ناحق قید میں ڈال دینے کا خوف ہو تو مذکورہ نبوی دعا کو بار بار پڑھیں اور بچاؤ کی تدبیر بھی کریں تاوقتیکہ وہ ظالم و حاکم دفع نہ ہو جائے۔

## (۲۵) ستر حاجتیں پوری ہوں حاسد اور دشمن پر غالب رہے

امام بغوی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی سند کے ساتھ اس جگہ ایک حدیث نقل فرمائی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حق تعالیٰ کا فرمان ہے کہ جو شخص ہر نماز کے بعد سورۂ فاتحہ اور آیۃ الکرسی اور آل عمران کی دو آیتیں ایک آیت شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ آخر تک اور دوسری یہ آیت قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ ...... بِغَيْرِ حِسَابٍ

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

تک پڑھا کرے تو میں اس کا ٹھکانہ جنت میں بنا دوں گا اور اس کو اپنے حظیرۃ القدس میں جگہ دوں گا اور ہر روز اس کی طرف ستر مرتبہ نظر رحمت کروں گا اور اس کی ستر حاجتیں پوری کروں گا اور ہر حاسد اور دشمن سے پناہ دوں گا، اور ان پر اس کو غالب رکھوں گا۔ (معارف القرآن جلد ۲ صفحہ ۲۷)

(۱) شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۞

(۲) قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِى الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۫ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ ۫ وَتُخْرِجُ الْحَىَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَىِّ ۫ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۞

http://mujahid.xtgem.com

(۱) ترجمہ گواہی دی ہے اللہ تعالیٰ نے اس کی کہ بجز اس کے کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں اور فرشتوں نے بھی اور اہل علم نے بھی اور معبود بھی وہ اس شان کے ہیں کہ اعتدال کے ساتھ انتظام رکھنے والے ہیں ان کے سوا کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں وہ زبردست ہیں حکمت والے ہیں۔

(۲) ترجمہ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ (اللہ تعالیٰ سے) یوں کہیے کہ اے اللہ مالک تمام ملک کے آپ ملک جس کو چاہیں دے دیتے ہیں اور جس سے چاہیں ملک لے لیتے ہیں اور جس کو آپ چاہیں غالب کر دیتے ہیں اور جس کو آپ چاہیں پست کر دیتے ہیں آپ ہی کے اختیار میں ہے سب بھلائی بلاشبہ آپ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں آپ رات (کے اجزاء) کو دن میں داخل کر دیتے ہیں اور (بعض فصلوں میں) دن (کے اجزاء) کو رات میں داخل کر دیتے ہیں اور آپ جاندار چیز کو بے جان سے نکال لیتے ہیں (جیسے انڈہ سے بچہ) اور بے جان چیز کو جاندار سے نکال لیتے ہیں (جیسے پرندے سے انڈہ) اور آپ جس کو چاہتے ہیں بے شمار رزق عطا فرماتے ہیں۔

http://mujahid.xtgem.com

## (۲۶) ہر برائی اور تکلیف سے حفاظت کے لئے

مسند بزار میں اپنی سند کے ساتھ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شروع دن میں آیۃ الکرسی اور سورہ مومن (کی پہلی تین آیتیں حٰم سے اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ تک) پڑھ لے وہ اس دن ہر برائی اور تکلیف سے محفوظ رہے گا اس کو ترمذی نے بھی روایت کیا ہے جس کی سند میں ایک راوی متکلم فیہ ہے۔

(تفسیر ابن کثیر جلد۴ ص۶۹) (معارف القرآن جلد۷ ص۵۸۱)

### آیۃ الکرسی

(۱) اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۞

http://mujahid.xtgem.com

(۲) حٰمٓ ۝۱ تَنۡزِيۡلُ الۡكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الۡعَزِيۡزِ الۡعَلِيۡمِ ۝۲ غَافِرِ الذَّنۡۢبِ وَقَابِلِ التَّوۡبِ شَدِيۡدِ الۡعِقَابِ ذِى الطَّوۡلِ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ اِلَيۡهِ الۡمَصِيۡرُ ۝

(۱) ترجمہ اللہ تعالیٰ (ایسا ہے کہ) اس کے سوا کوئی عبادت کے قابل نہیں۔ زندہ ہے سنبھالنے والا ہے (تمام عالم کا) نہ اس کو اونگھ دبا سکتی ہے اور نہ نیند، اسی کے مملوک ہیں سب جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے ایسا کون شخص ہے جو اس کے پاس (کسی کی) سفارش کر سکے بدون اس کی اجازت کے۔ وہ جانتا ہے ان کے تمام حاضر اور غائب حالات کو اور وہ موجودات اس کے معلومات میں سے کسی چیز کو اپنے احاطہ علمی میں نہیں لا سکتے مگر جس قدر (علم دینا وہی) چاہے اس کی کرسی نے سب آسمانوں اور زمین کو اپنے اندر لے رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ کو ان دونوں کی حفاظت کچھ گراں نہیں گزرتی اور وہ عالیشان عظیم الشان ہے۔

(۲) ترجمہ حٰم (اس کے معنی اللہ ہی کو معلوم ہیں) اتاری گئی ہے اللہ

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

کی طرف سے جو زبردست ہے ہر چیز کا جاننے والا ہے گناہ بخشنے والا ہے اور توبہ کا قبول کرنے والا ہے سخت سزا دینے والا ہے قدرت والا ہے اس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اسی کے پاس (سب کو) جانا ہے۔

**فائدہ:** نماز فجر کے بعد مذکورہ وظیفہ روزانہ پڑھ لیا کریں۔ جو شخص کسی معذوری کی وجہ سے شروع دن میں نہ پڑھ سکے تو وہ کاروبار یا ملازمت پر جاتے وقت گھر سے نکلتے ہوئے پڑھ لے تا کہ کسی نہ کسی درجہ میں قبول ہو جائے۔

## (۲۷) دشمن سے حفاظت کا قلعہ

ابوداؤد اور ترمذی میں باسناد صحیح حضرت مہلب بن ابی صفرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ مجھ سے ایسے شخص نے روایت کی کہ جس نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ آپ (کسی جہاد کے موقع پر رات میں حفاظت کے لیے) فرما رہے تھے کہ اگر رات میں تم پر چھاپہ مارا جائے تو تم حٰم لَا يُنْصَرُوْنَ پڑھ لینا۔ جس کا حاصل لفظ حٰم کے ساتھ یہ دُعا کرنا ہے کہ ہمارا دشمن کامیاب نہ ہو اور بعض روایات میں

http://mujahid.xtgem.com

حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْا بغیر نون کے آیا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ جب تم حٰمٓ کہو گے تو دشمن کامیاب نہ ہو گا اس سے معلوم ہوا کہ حٰمٓ دشمن سے حفاظت کا قلعہ ہے۔ (ابن کثیر) (معارف القرآن جلد ۷ ص ۵۸۲)

## (۲۸) رزق میں برکت کے لیے ایک مجرّب عمل

مولانا شاہ عبدالغنی پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ جو شخص صبح کو ستر مرتبہ پابندی سے یہ آیت پڑھا کرے وہ رزق کی تنگی سے محفوظ رہے گا اور فرمایا کہ بہت مجرب عمل ہے۔ آیت مندرجہ ذیل ہے۔

اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ۝

(معارف القرآن جلد ۷ ص ۶۸۷)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ (دنیا میں) اپنے بندوں پر مہربان ہے جسکو (جس قدر) چاہتا ہے روزی دیتا ہے اور وہ قوت والا اور زبردست ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

## (۲۹) حصول شفاء کے لئے قرآنی وظیفہ

بعض روایات میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے کہ سورۃ انعام (پارہ ۷ رکوع ۶) پوری سورۃ جس مریض پر پڑھی جائے تو اللہ تعالیٰ اس کو شفا دیتے ہیں۔ (معارف القرآن جلد ۳ ص ۵۱۲)

## (۳۰) دعائے امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ برائے قرب الی اللہ

امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اللہ تبارک وتعالیٰ کو سو مرتبہ خواب میں دیکھا جب سوویں مرتبہ خواب میں دیکھا تو انہوں نے اللہ سے پوچھا کہ یا اللہ تیرے بندے تیرا قرب حاصل کرنے کے لیے کیا پڑھیں تو یہ دعا، اللہ رب العزت نے خواب میں بتلائی۔

سُبْحَانَ الْاَبَدِیِّ الْاَبَدْ سُبْحَانَ الْوَاحِدُ الْاَحَدْ سُبْحَانَ الْفَرْدُ الصَّمَدْ سُبْحَانَ رَافِعِ السَّمَآءِ بِغَیْرِ عَمَدٍ سُبْحَانَ مَنْ بَسَطَ الْاَرْضَ عَلٰی مَآءٍ جَمَدْ سُبْحَانَ مَنْ خَلَقَ الْخَلْقَ فَاَحْصَاهُمْ عَدَدًا

http://mujahid.xtgem.com

سُبْحَانَ مَنْ قَسَّمَ الرِّزْقَ فَلَمْ يَنْسَ اَحَدًا سُبْحَانَ الَّذِیْ لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا سُبْحَانَ الَّذِیْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۞

(الدر المختار بواسطہ مولانا عبدالرحمٰن صاحب کھریا سنوی)

**فائدہ:** اللہ کا قرب حاصل کرنے کے لیے مندرجہ بالا دعا کا اہتمام کرنا چاہئے۔ عامل حضرات کے لئے خاص الخاص ہے۔

## (۳۱) پاؤں کی تکلیف یا کسی بھی درد کیلئے نبوی نسخہ

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جماعت یمن بھیجی اور ان میں سے ایک صحابی کو ان کا امیر بنا دیا جن کی عمر سب سے کم تھی وہ لوگ کئی دن تک وہاں ہی ٹھہرے رہے اور نہ جا سکے۔ اس جماعت کے ایک آدمی سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات ہوئی، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے فلانے! تمہیں کیا ہوا؟ تم ابھی تک کیوں نہیں گئے؟ اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہمارے امیر کے پاؤں

http://mujahid.xtgem.com

میں تکلیف ہے۔ چنانچہ آپ اس امیر کے پاس تشریف لے گئے اور

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهَا ❀

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ، اللہ کی ذات اور اس کی قدرت کے ساتھ دنیا کے تمام شر سے پناہ پکڑتا ہوں۔

سات مرتبہ پڑھ کر اس آدمی پر دم کیا، وہ آدمی (اسی وقت) ٹھیک ہو گیا۔

(حیاۃ الصحابہ جلد۲ ص ۷۸)

**فائدہ:** کسی بھی قسم کی تکلیف میں مبتلا شخص پر مذکورہ بالا دعا کو اول آخر درود شریف پڑھ کر سات مرتبہ پڑھیں اور دم کریں ان شاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

## (۳۲) روزی میں برکت کے لیے نبوی نسخہ

جو آدمی گھر میں داخل ہو کر سلام کرے چاہے گھر میں کوئی ہو یا نہ ہو، پھر ایک مرتبہ درود شریف پڑھے اور ایک مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے تو روزی میں برکت پائے۔ (حصن حصین)

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

**فائدہ:** اس عمل سے رزق و روزی میں وسعت و برکت ہوگی گھر اور کاروبار میں ترقی ہوگی۔

## (۳۴) جملہ قسم کی پریشانیاں دور کرنے کیلئے مسنون مجرّب عمل

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک روز میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ باہر نکلا اس طرح کہ میرا ہاتھ آپ کے ہاتھ میں تھا۔ آپ کا گزر ایک ایسے شخص پر ہوا جو بہت شکستہ حال اور پریشان تھا۔ آپ نے پوچھا کہ تمہارا یہ حال کیسے ہوگیا اس شخص نے عرض کیا کہ بیماری اور تنگ دستی نے میرا یہ حال کردیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تمہیں چند کلمات بتلاتا ہوں، وہ پڑھوگے تو تمہاری بیماری اور تنگ دستی جاتی رہے گی، وہ کلمات یہ ہیں:

تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوْتُ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ
يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ
لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۞

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ بھروسہ کیا میں نے زندہ رہنے والے پر وہ جسے موت نہیں آئے گی تمام خوبیاں اسی اللہ (پاک) کے لئے (خاص) ہیں جو نہ اولاد رکھتا ہے اور نہ اس کا کوئی سلطنت میں شریک ہے اور نہ کمزوری کی وجہ سے اس کا کوئی مددگار ہے اور اس کی خوب بڑائیاں بیان کیا کیجئے۔

اس کے کچھ عرصہ کے بعد پھر آپ اس طرف تشریف لے گئے پھر اس کو اچھے حال میں پایا، آپ نے خوشی کا اظہار فرمایا، اس نے عرض کیا کہ جب سے آپ نے مجھے یہ کلمات بتائے تھے میں پابندی سے ان کلمات کو پڑھتا ہوں۔

(معارف القرآن جلد۵ص۵۳۱)

**فائدہ:** کسی بھی قسم کی پریشانی چاہے روزگار کے متعلق ہو چاہے صحت کے متعلق ہو یا کوئی سخت حالات درپیش ہوں تو یہ دعا نبوی مسلسل پڑھتے رہنا چاہئے۔ان شاءاللہ آسانیاں اور فراخیاں نصیب ہوں گی۔

## (۳۴) دونوں جہاں کی خیر نصیب ہو

حضرت بریدہ اسلمی رضی اللہ عنہ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے

http://mujahid.xtgem.com

بریدہ! جس کے ساتھ اللہ پاک خیر کا ارادہ فرماتے ہیں اس کو مندرجہ ذیل کلمات سکھا دیتے ہیں۔ وہ کلمات یہ ہیں:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ فَقَوِّنِیْ رِضَاکَ ضُعْفِیْ وَخُذْ اِلَی الْخَیْرِ بِنَاصِیَتِیْ وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ مُنْتَھٰی رِضَائِیْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ فَقَوِّنِیْ وَاِنِّیْ ذَلِیْلٌ فَاَعِزَّنِیْ وَاِنِّیْ فَقِیْرٌ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ❀

ترجمہ اے اللہ! میں کمزور ہوں مجھے اپنی رضا سے مضبوط کر دیجئے مجھے میری پریشانی سے پکڑ کر خیر کی طرف لے جایئے۔ میری رضا کی منتہاء اسلام کو بنایئے اے اللہ! میں کمزور ہوں مجھے مضبوط کر دیجئے میں ذلیل ہوں مجھے باعزت کر دیجئے اے ارحم الراحمین میں تیرا محتاج وفقیر ہوں۔

آگے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کو اللہ یہ کلمات سکھاتا ہے پھر وہ

http://mujahid.xtgem.com

مرتے دم تک نہیں بھولتا۔ (احیاء العلوم جلد ۱ صفحہ ۲۷۷)

**فائدہ:** عامل حضرات کو یہ کلمات خیر یاد کرنے چاہییں اور اپنے روزمرہ کے معمولات میں شامل کر لینا چاہیئے۔ اللہ تعالی تمام مسلمان بھائیوں بہنوں کو عمل کی توفیق نصیب فرمائے۔

## (۳۵) جمعہ کی نماز کے بعد گناہ معاف کروانے کا ایک نبوی نسخہ

جو آدمی جمعہ کی نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھے گا

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ ❀

(ترجمہ) میں پاکی بیان کرتا ہوں عظیم ذات کی اور حمد بیان کرتا ہوں۔

تو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کے پڑھنے والے کے ایک لاکھ گناہ معاف ہوں گے اور اس کے والدین کے چوبیس ہزار گناہ معاف ہوں گے۔ (رواہ ابن السنی فی عمل الیوم واللیلۃ ص ۲۳۴)

❀ ❀ ❀

http://mujahid.xtgem.com

## (۳۶) اندھے پن، کوڑی اور فالج سے حفاظت کے لئے مسنون عمل

حضرت قبیصہ بن مخارِق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کیوں آئے ہو؟ میں نے عرض کیا میری عمر زیادہ ہوگئی ہے اور میری ہڈیاں کمزور ہوگئی ہیں یعنی میں بوڑھا ہوگیا ہوں میں آپ کی خدمت میں اس لیے حاضر ہوا ہوں تا کہ مجھے آپ وہ چیز سکھائیں جس سے اللہ تعالیٰ مجھے نفع دے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم جس پتھر درخت اور ڈھیلے کے پاس سے گزرے ہو اس نے تمہارے لیے دعائے مغفرت کی ہے۔ اے قبیصہ! صبح کی نماز کے بعد تین دفعہ کہو

سُبۡحٰنَ اللّٰهِ الۡعَظِيۡمِ وَبِحَمۡدِهٖ ۞

ترجمہ: میں پاکی بیان کرتا ہوں عظیم ذات کی اور حمد بیان کرتا ہوں۔

اس سے تم اندھے پن، کوڑی پن اور فالج سے محفوظ رہو گے، اے قبیصہ! یہ دعا بھی پڑھا کرو۔

http://mujahid.xtgem.com

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِمَّا عِنْدَكَ وَافْضِ عَلَیَّ مِنْ فَضْلِكَ وَانْشُرْ عَلَیَّ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَكَتِكَ

ترجمہ "اے اللہ میں ان نعمتوں میں سے مانگتا ہوں جو تیرے پاس ہیں اور اپنے فضل کی مجھ پر بارش کر اور اپنی رحمت مجھ پر پھیلا دے اور اپنی برکت مجھ پر نازل کر دے۔"

(حیاۃ الصحابہ جلد۳ ص ۱۷۷)

## (۳۷) قید ناحق سے چھٹکارے کا نبوی نسخہ

سیرت ابن اسحاق میں ہے کہ حضرت عوف اشجعی رضی اللہ عنہ کے لڑکے حضرت سالم رضی اللہ عنہ جب کافروں کی قید میں تھے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان سے کہلوا دو کہ بکثرت لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ پڑھتا رہے۔ ایک دن اچانک بیٹھے بیٹھے ان کی قید (کی بیڑیاں) کھل گئیں اور یہ وہاں سے نکل بھاگے، ان لوگوں کی ایک اونٹنی ہاتھ لگ گئی جس پر سوار ہو لئے، راستے میں ان کے اونٹوں کے ریوڑ ملے انہیں بھی

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

اپنے ساتھ ہنکالائے، وہ لوگ پیچھے دوڑے لیکن یہ کسی کے ہاتھ نہ لگے سیدھے اپنے گھر آئے اور دروازے پر کھڑے ہو کر آواز دی۔ باپ نے آواز سن کر فرمایا خدا کی قسم یہ تو سالم ہے، ماں نے کہا ہائے وہ کہاں وہ تو قید و بند کی مصیبتیں جھیل رہا ہوگا۔ اب دونوں ماں باپ اور خادم دروازے کی طرف دوڑے، کھولا...... دیکھا تو ان کے لڑکے حضرت سالم رضی اللہ عنہ ہیں اور تمام انگنائی اونٹوں سے بھری پڑی ہے۔ پوچھا کہ یہ اونٹ کیسے ہیں؟ انہوں نے واقعہ بیان کیا تو فرمایا اچھا ٹھہرو میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کی بابت مسئلہ دریافت کر آؤں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ سب تمہارا مال ہے جو چاہو کرو۔ (تفسیر ابن کثیر جلد۵ ص ۳۷۶)

## (۳۸) جملہ مصائب سے نجات اور مقاصد کے حصول کیلئے ایک مجرب نسخہ

حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کو مصیبت سے نجات اور حصولِ مقصد کے لیے تلقین فرمائی کہ کثرت کے ساتھ یہ پڑھا کریں۔

http://mujahid.xtgem.com

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ❀

ترجمہ گناہوں سے بچنے اور نیکی پر لگنے کی طاقت صرف اسی عظیم بلند و برتر ذات کی طرف سے ہے۔

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ دینی اور دنیاوی ہر قسم کے مصائب اور مضرتوں سے بچنے اور منافع و مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے اس کلمہ کی کثرت بہت مجرب عمل ہے اور اس کثرت کی مقدار حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بتلائی ہے کہ روزانہ پانچ سو مرتبہ یہ کلمہ

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ❀

پڑھا کرے اور سو سو مرتبہ درود شریف اس کے اوّل و آخر میں پڑھ کر اپنے مقصد کے لیے دعا کیا کرے۔ (تفسیر مظہری) (معارف القرآن جلد ۸ ص ۴۸۸)

## (۳۹) چوتھے آسمان کے فرشتے کو مدد کے لیے حرکت میں لانے والی دعا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی کی کنیت ابو معلق تھی اور وہ تاجر تھے اپنے اور دوسروں کے

http://mujahid.xtgem.com

مال سے تجارت کیا کرتے تھے۔ وہ بہت عبادت گزار اور پرہیز گار تھے۔ ایک مرتبہ وہ سفر میں گئے انہیں راستہ میں ایک ہتھیاروں سے مسلح ڈاکو ملا اُس نے کہا اپنا سارا سامان یہاں رکھ دو تمہیں قتل کردوں گا......! اس صحابی نے کہا تم نے مال لینا ہے وہ لے لو، ڈاکو نے کہا نہیں میں تو تمہارا خون بہانا چاہتا ہوں۔ اُس صحابی نے کہا مجھے ذرا مہلت دو میں نماز پڑھ لوں اُس نے کہا جتنی پڑھنی ہے پڑھ لو چنانچہ انہوں نے وضو کر کے نماز پڑھی اور یہ دُعا تین مرتبہ مانگی۔

يَا وَدُوْدُ يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَا فَعَّالًا لِّمَا يُرِيْدُ اَسْئَلُكَ بِعِزَّتِكَ الَّتِيْ لَا تُرَامُ وَمُلْكِكَ الَّذِيْ لَا يُضَامُ وَ بِنُوْرِكَ الَّذِيْ مَلَاَ اَرْكَانَ عَرْشِكَ اَنْ تَكْفِيَنِيْ شَرَّ هٰذَا اللِّصِّ يَا مُغِيْثُ اَغِثْنِيْ ❀

ترجمہ: اے محبت کرنے والے، اے بزرگی والے عرش کے

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

مالک، اے ہر ارادے کے کرنے والے! میں آپ سے سوال
کرتا ہوں آپ کی عزت کی قسم کے ساتھ جو آپ سے جدا نہیں
ہوتی آپ کی بادشاہت کی قسم جو زائل نہیں ہوتی آپ کے نور کی
قسم جو عرش کے ارکان کو بھر دے، اے اللہ آپ اس چور کے شر
سے میری کفایت کیجئے۔ اے مدد کرنے والے میری مدد کیجئے۔

تو اچانک ایک گھوڑ سوار نمودار ہوا جس کے ہاتھ میں ایک نیزہ تھا جسے اُٹھا کر اُس نے اپنے گھوڑے کے کانوں کے درمیان بلند کیا ہوا تھا اُس نے اس ڈاکو کو نیزہ مار کر قتل کر دیا پھر وہ اُس تاجر کی طرف متوجہ ہوا تاجر نے پوچھا تم کون ہو؟ اللہ نے تمہارے ذریعہ سے میری مدد فرمائی ہے۔ اُس نے کہا میں چوتھے آسمان کا فرشتہ ہوں جب آپ نے (پہلی مرتبہ) دُعا کی تو میں نے آسمان کے دروازوں کی کھڑکھڑاہٹ سنی جب آپ نے دوبارہ دُعا کی تو میں نے آسمان والوں کی چیخ و پکار سنی پھر آپ نے تیسری مرتبہ دُعا کی تو کسی نے کہا یہ ایک مصیبت زدہ کی دُعا ہے میں نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کیا کہ اُس ڈاکو کو قتل کرنے کا کام میرے ذمہ کریں پھر اُس فرشتے نے کہا آپ کو خوشخبری ہو کہ جو آدمی بھی وضو کر کے چار رکعت

http://mujahid.xtgem.com

نماز پڑھے اور پھر یہ دُعا مانگے اُس کی دعا ضرور قبول ہوگی، چاہے وہ مصیبت زدہ ہو یا نہ ہو۔ (حیاۃ الصحابہ جلد۳ ص ۱۷۵)

## (۴۰) نیند اگر نہ آئے تو یہ دعا پڑھے

مسند احمد میں ہے کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نیند اُچاٹ ہو جانے کے مرض کو دور کرنے کے لیے ایک دعا سکھاتے تھے کہ ہم سوتے وقت پڑھا کریں۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيٰطِيْنِ وَ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۞

ترجمہ: شروع اللہ کے نام سے، اللہ کے پورے کلمات کے واسطے سے میں اللہ کے غضب سے اور اس کے عذاب سے اور اس کے بندوں کے شر سے اور شیطانوں کے وسوسوں سے اور میرے پاس ان کے آنے سے پناہ چاہتا ہوں۔

حضرت عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کا دستور تھا کہ اپنی اولاد میں سے جو

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

ہوشیار ہوتے انکو یہ دعا سکھا دیا کرتے اور جو چھوٹے ناسمجھ ہوتے یاد نہ کر سکتے ان کے گلے میں اس دعا کو لکھ کر لٹکا دیتے۔ابوداؤد ترمذی اور نسائی میں بھی یہ حدیث ہے۔امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ اسے حسن غریب بتلاتے ہیں۔(تفسیر ابن کثیر جلد۳ ص۴۶۹)

**فائدہ:** آج کل تقریبا ہر آدمی اس پریشانی میں مبتلا ہے کہ نیند نہیں آتی اسکی کئی ایک وجوہات ہیں جن میں سے ایک مال و دولت کی ہوس اور گناہوں والی زندگی گزارنا ہے جس آدمی کو یہ مرض لاحق ہو وہ عشاء کی نماز پڑھے اور سو جائے، بستر پاک وصاف ہو، مذکورہ بالا دعا کا ایک تعویز بنا کر تکیہ میں رکھیں اور سوتے ہوئے اس دعا کو پڑھتے رہیں جب تک نیند نہ آجائے اور صبح اٹھ کر فجر کی نماز پڑھیں چند دنوں میں مرض جاتا رہے گا ان شاءاللہ۔لیکن سونے کا معمول یہی رکھیں۔

## (۴۱) حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی نیند اُچاٹ ہو جایا کرتی تھی

طبرانی میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ راتوں کو

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

میری نیند اُچاٹ ہو جایا کرتی تھی تو میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس امر کی شکایت کی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ دعا پڑھا کرو۔

اَللّٰھُمَّ غَارَتِ النُّجُوْمُ وَھَدَاَتِ الْعُیُوْنُ وَاَنْتَ حَیٌّ قَیُّوْمٌ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَنِمْ عَیْنِیْ وَاھْدِیْ لَیْلِیْ

ترجمہ: اے اللہ! ستارے غروب ہو چکے ہیں لوگ سو چکے ہیں آپ حیّ و قیوم ہیں اے حیّ و قیوم میری آنکھ کو نیند دیجئے اور رات میں میری راہنمائی کیجئے۔

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے جب اس دعا کو پڑھا تو نیند نہ آنے کی بیماری بفضل اللہ دور ہوگئی۔

(تفسیر ابن کثیر جلد نمبر ۴ صفحہ نمبر ۱۶۸)

## (۴۲) دُعا کی قبولیت کے لیے چند کلمات

حضرت سعید ابن مسیّب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ مسجد میں آرام کر رہا تھا کہ اچانک غیب سے آواز آئی اے سعید مندرجہ ذیل

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

کلمات پڑھ کر تو جو دعا مانگے گا اللہ تعالیٰ قبول کرے گا۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ مَلِيْكٌ مُّقْتَدِرٌ مَا تَشَآءُ مِنْ اَمْرٍ يَّكُوْنُ ۞

ترجمہ: اے اللہ آپ مالک وصاحب اقتدار ہیں جو چاہتے ہیں وہ ہو جاتا ہے،

حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان جملوں کے بعد میں نے جو دعا مانگی ہے وہ قبول ہوئی ہے۔ (روح المعانی فی تفسیر مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ)

**فائدہ:** بندہ محمد یونس پالنپوری اپنے لیے مندرجہ ذیل دعا مانگتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ مَلِيْكٌ مُّقْتَدِرٌ مَا تَشَآءُ مِنْ اَمْرٍ يَّكُوْنُ فَاَسْعِدْنِيْ فِي الدَّارَيْنِ وَ كُنْ لِّيْ وَلَا تَكُنْ عَلَيَّ وَاٰتِنِيْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنِيْ عَذَابَ النَّارِ ۞

ترجمہ: اے اللہ آپ مالک وصاحب اقتدار ہیں جو چاہتے ہیں وہ ہو جاتا ہے، مجھے دنیا وآخرت کی سعادتیں عطا فرمایئے آپ

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

میرے مددگار ہو جایئے نہ کہ میرے خلاف۔ مجھے دنیا و آخرت کی بھلائیاں عطا فرمایئے اور جہنم کے عذاب سے بچایئے۔

مذکورہ دعا کو اللہ تعالیٰ میرے لیے میرے بیوی بچوں کے لیے اور پوری امت کے لیے قبول فرماوے۔ آمین

لِاَنَّہٗ مَلِیْکٌ مُّقْتَدِرٌ ❀

ترجمہ اس لئے کہ وہ ملیک مقتدر ہے۔

## (۴۳) پھوڑے پھنسیوں اور زخموں کا مٹی سے علاج نبوی

صحیحین میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے جب کوئی شخص کسی (مرض) کی شکایت کرتا یا اسے پھوڑا یا زخم ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی انگلی مبارکہ (انگشت شہادت) کو زمین سے لگاتے اور پھر اس جگہ پر لگاتے اور فرماتے۔

بِسْمِ اللّٰہِ تُرْبَۃُ اَرْضِنَا بِرِیْقَۃِ بَعْضِنَا یَشْفِیْ سَقِیْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا ❀

ترجمہ "میں اللہ کے نام سے برکت حاصل کرتا ہوں۔ یہ ہماری

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

زمین کی مٹی ہے جو ہم میں سے کسی کے تھوک میں ملی ہوئی ہے، تاکہ ہمارے بیمار کو ہمارے رب کے حکم سے شفا ہو جائے۔''

(کشف الخفاء جلد ا ص ۴۳۶)

**فائدہ:** ہمارے ہاں دیہی علاقوں میں اور بعض شہروں میں بھی کچھ لوگ معمولی زخم ہونے پر فوری علاج کے لئے زخم پر مٹی یا راکھ ڈال کر خون بند کرتے ہیں اس موقع پر یہ مسنون دعا بھی پڑھ لی جائے تو سارا عمل مسنون ہو جائے گا اور ان شاء اللہ فائدہ بھی ہوگا۔

## (۴۴) لڑکا خوبصورت پیدا ہو

اگر کوئی عورت حمل کے زمانے میں خربوزہ بکثرت استعمال کرے تو لڑکا خوبصورت اور تندرست پیدا ہوگا۔ (طب نبوی ص ۸۶)

## (۴۵) ایک دُعا جو سات ہزار مرتبہ تسبیح پڑھنے سے بہتر ہے

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ فجر کی نماز کے بعد رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس شریف میں علمی مذاکرہ ہوتا تھا، آپ صلی اللہ

http://mujahid.xtgem.com

علیہ وسلم صحابہ کرام کو تعلیم فرمایا کرتے تھے مگر حضرت معاذ رضی اللہ عنہ ابتدا میں جماعت کا سلام پھیر کر گھر تشریف لے جاتے تھے۔ ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے معاذ صبح کو ہماری مجلس میں نہیں آتے؟ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے یہ کہہ کر معذرت فرمادی کہ صبح میرا سات ہزار تسبیح پڑھنے کا معمول ہے اگر کہیں بیٹھ جاتا ہوں تو پھر میرا وہ معمول پورا نہیں ہو پاتا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تمہیں ایسی دعا نہ بتلا دوں جس کا ایک مرتبہ پڑھ لینا سات ہزار تسبیح سے بہتر ہو۔ عرض کیا ضرور ارشاد فرمائیں۔ ارشاد فرمایا:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ رِضَاهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ زِنَةَ عَرْشِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ خَلْقِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِلْأَ سَمٰوٰتِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِلْأَ اَرْضِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِلْأَ مَا بَيْنَهُمَا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِثْلَ ذٰلِكَ مَعَهٗ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ذٰلِكَ مَعَهٗ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ مَعَهٗ

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ کوئی معبود نہیں سوائے اللہ تعالیٰ کے۔اس کی رضا مندی کے برابر کوئی معبود نہیں سوائے اللہ تعالیٰ کے۔اس کے عرش کے وزن کے برابر۔ کوئی معبود نہیں سوائے اللہ تعالیٰ کے۔اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر۔کوئی معبود نہیں سوائے اللہ تعالیٰ کے۔آسمانوں کے بھر جانے کے برابر۔کوئی معبود نہیں سوائے اللہ تعالیٰ کے۔اس کی زمینوں کے بھر جانے کے برابر۔کوئی معبود نہیں سوائے اللہ تعالیٰ کے۔اور آسمانوں اور زمین کے درمیان کے برابر۔کوئی معبود نہیں سوائے اللہ تعالیٰ کے۔اور اسی طرح اور بھی۔اللہ بہت بڑا ہے اور اس بڑائی کے مانند اور بھی اور سب تعریف اللہ کے لئے ہے اور اسکے برابر اور بھی۔

اس دعا کا ایک دفعہ پڑھ لینا ایسا ہے جیسے سات ہزار تسبیح پڑھ لی ہوں۔ حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب نور اللہ مرقدہٗ نے اپنی صاحب زادیوں کو یہ دعا یاد کرادی تھی کہ یہ پڑھا کرو میں نے شیخ سے ایک مرتبہ پوچھا یہ کیا ہے؟ فرمایا ٹھہر جاؤ جب میں اوپر (اپنے کتب خانہ میں) جاؤں تو میرے ساتھ چلنا، گئے تو کنز العمال اُٹھائی اور فرمایا کہ فلاں صفحہ کھولو کنز العمال جلد ا ص ۴۴۲ پر یہ دعا لکھی تھی۔

http://mujahid.xtgem.com

## (۴۶) دل کی بیماری دور کرنے کا نبوی نسخہ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں بیمار ہوا میری عیادت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے انہوں نے اپنا ہاتھ میرے کندھوں کے درمیان رکھا تو ان کے ہاتھ کی ٹھنڈک میری ساری چھاتی میں پھیل گئی۔ پھر فرمایا کہ اسے دل کا دورہ پڑا ہے۔ اسے حارث بن کلدہ کے پاس لے جاؤ جو ثقیف میں مطب کرتا ہے۔ حکیم کو چاہیے کہ وہ مدینہ کی سات عجوہ کھجوریں گٹھلیوں سمیت کوٹ کر اسے کھلا دے۔ (مسند احمد، ابونعیم، ابوداؤد)

**فائدہ:** کھجور کے فوائد کے بارے میں یہ حدیث بڑی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ طب کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ کسی مریض کے دل کے دورہ کی تشخیص کی گئی۔

## (۴۷) دل کی ہر بیماری کے لیے مجرب نسخہ

دل پر ہاتھ رکھ کر (۱۱۱) مرتبہ

سُبْحٰنَ اللہِ وَبِحَمْدِہٖ

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

پڑھ کر دم کرے ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔ بہت مرتبہ آزمایا گیا ہے۔

## (۴۸) برائے حفظ و حافظہ

سورۃ الم نشرح لکھ کر پانی میں گھول کر پلانا حفظ قرآن اور تحصیل علم کے لیے خاص ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ﴿۱﴾ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۙ﴿۲﴾ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ﴿۳﴾ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ؕ﴿۴﴾ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۙ﴿۵﴾ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ؕ﴿۶﴾ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ﴿۷﴾ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۠﴿۸﴾

ترجمہ: کیا ہم نے آپکی خاطر آپکا سینہ (علم و حلم سے) کشادہ نہیں کر دیا اور ہم نے آپ پر سے آپ کا وہ بوجھ اتار دیا جس نے آپ کی کمر توڑ رکھی تھی اور ہم نے آپ کی خاطر آپ کا آوازہ بلند کیا سو بیشک موجودہ مشکلات کے ساتھ آسانی ہونے

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

والی ہے بیشک موجودہ مشکلات کے ساتھ آسانی ہونے والی ہے تو آپ جب (تبلیغ احکام سے) فارغ ہو جایا کریں تو (دوسری عبادات متعلقہ بذات خاص میں) محنت کیا کیجئے اور جو کچھ مانگنا ہو اس میں اپنے رب ہی کی طرف توجہ رکھیئے۔

## (۴۹) برائے حفظ و حافظہ

جن کا حافظہ کمزور ہو تو وہ سات دن تک ان آیاتِ کریمہ کو روٹی کے ٹکڑوں پر لکھ کر کھالیا کریں۔ ترتیب اس طرح ہے کہ

ہفتہ کو یہ آیت لکھ کر کھائے۔

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ

اتوار کے روز یہ لکھے

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا

پیر کے روز یہ لکھے

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى

منگل کے روز یہ لکھے۔

اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

بدھ کے روز یہ لکھے

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ

جمعرات کے روز یہ لکھے

اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ

جمعہ کو لکھے

فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ

یہ سب آیات صبح کے وقت باوضو لکھ کر کھلائیں ان شاءاللہ حافظہ قوی ہوگا۔

(فلاح دارین) (بحوالہ خزانہ اعمال ص ۱۷)

## (۵۰) حصول ملازمت کیلئے سورۃ الضحٰی کا خاص عمل

سورۂ والضحٰی کو عاملین نے پرتاثیر مانا ہے اس میں نو مقام پر کاف (ک) آیا ہے۔آپ نماز فجر کے بعد وہیں بیٹھیں اور یہ سورہ پاک اس طرح پڑھیں کہ جب کاف آئے تو یَا کَرِیْمُ نو مرتبہ پڑھیں یہ عمل صرف نو ایام کریں ملازمت ملے گی اگر خدانخواستہ ملازمت نہ ملی تو یہ عمل اٹھارہ مرتبہ پڑھیں اگر پھر بھی حاجت پوری نہ ہو تو ستائیس مرتبہ پڑھیں اور ہر کاف پر ستائیس مرتبہ یَا کَرِیْمُ پڑھیں۔ بفضلِ خدا شرطیہ ملازمت مل جائے گی۔(شرعی علاج) (بحوالہ خزانہ اعمال ص ۱۱)

http://mujahid.xtgem.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

وَالضُّحٰی ۝۱ وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی ۝۲ مَا وَدَّعَکَ رَبُّکَ
وَمَا قَلٰی ۝۳ وَلَلْاٰخِرَۃُ خَیْرٌ لَّکَ مِنَ الْاُوْلٰی ۝۴
وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی ۝۵ اَلَمْ یَجِدْکَ
یَتِیْمًا فَاٰوٰی ۝۶ وَوَجَدَکَ ضَآلًّا فَھَدٰی ۝۷ وَوَجَدَکَ
عَآئِلًا فَاَغْنٰی ۝۸ فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْھَرْ ۝۹
وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْھَرْ ۝۱۰ وَاَمَّا بِنِعْمَۃِ
رَبِّکَ فَحَدِّثْ ۝۱۱

## (۱۱) حالت مرض کی دعا

جو شخص حالت مرض میں یہ دعا چالیس مرتبہ پڑھے اگر مرا تو شہید کے برابر ثواب ملے گا اور اگر اچھا ہو گیا تو تمام گناہ بخشے جائیں گے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ
مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ❀

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے بے شک میں ہی ظلم کرنے والوں میں سے ہوں۔

(اسوہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ص ۵۷۸)

## (۵۲) بچوں کی بدتمیزی کا سبب اور اس کا علاج

بچوں کی بدتمیزی اور نافرمانی کا سبب عموماً والدین کے گناہ ہوتے ہیں۔ خدا تعالیٰ کے ساتھ اپنا معاملہ درست کریں اور تین بار سورہ فاتحہ پانی پر دم کر کے بچے کو پلایا کریں۔

(آپ کے مسائل جلد ۷ ص ۲۰۸ حضرت لدھیانوی شہید)

## (۵۳) ڈاڑھ اور کان کے درد کیلئے عمل

جو شخص ہر چھینک کے وقت

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ عَلٰی کُلِّ حَالٍ مَّا کَانَ ❀

کہے تو ڈاڑھ اور کان کا درد کبھی بھی محسوس نہ کرے گا۔

(حصن حصین ابن ابی شیبہ ص ۳۳۵)

http://mujahid.xtgem.com

## (۵۴) سفر میں جانے والا بخیر و عافیت گھر واپس لوٹے

ابونعیم نے روایت نقل کی ہے کہ ہمیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر میں بھیجا اور فرمایا کہ صبح و شام یہ آیات تلاوت فرماتے رہیں۔

ہم نے برابر اس کی تلاوت دونوں وقت جاری رکھی۔ الحمد للہ ہم سلامتی اور غنیمت کے ساتھ واپس لوٹے وہ آیات یہ ہیں۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۞ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۞ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۞

ترجمہ: ہاں تو کیا تم نے یہ خیال کیا تھا کہ ہم نے تم کو یونہی مہمل

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

(خالی از حکمت) پیدا کر دیا ہے اور یہ (خیال کیا تھا) کہ تم ہمارے پاس نہیں لائے جاؤ گے اللہ تعالی بہت ہی عالیشان ہے جو کہ بادشاہ حقیقی ہے اس کے سوا کوئی بھی لائق عبادت نہیں (اور وہ) عرش عظیم کا مالک ہے اور جو شخص اس امر پر دلیل قائم ہونے کے بعد اللہ کیساتھ کسی اور معبود کی بھی عبادت کرے کہ جس کے معبود ہونے پر اس کے پاس کوئی بھی دلیل نہیں سو اس کا حساب اسی کے رب کے ہاں ہوگا جس کا نتیجہ لازمی یہ ہے کہ یقیناً کافروں کو فلاح نہ ہوگی اور آپ یوں کہا کریں کہ اے میرے رب میری خطائیں معاف کر اور رحم کر اور تو سب رحم کرنیوالوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔

(پارہ ۱۸ سورہ مومنون آیت ۱۱۵ تا ۱۱۸)

## (۵۵) جنات و آسیب کیلئے علاج نبوی

ابن ابی حاتم میں ہے کہ ایک بیمار شخص جسے کوئی جن ستا رہا تھا، حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تو آپ نے یہ آیات قرآنی

http://mujahid.xtgem.com

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۞ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۞ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۞

پڑھ کر اس کے کان میں دم کیا۔ وہ اچھا ہو گیا جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا عبداللہ تم نے اس کے کان میں کیا پڑھا تھا، آپ نے بتلا دیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم نے یہ آیتیں اس کے کان میں پڑھ کر اسے جلا دیا۔ واللہ ان آیتوں کو اگر کوئی بالایمان بالیقین شخص کسی پہاڑ پر بھی پڑھے تو وہ بھی اپنی جگہ سے ٹل جائے۔

(تفسیر ابن کثیر جلد ۳ ص ۴۷۴) پارہ ۱۸ سورۃ مومنون آیت ۱۱۵ تا ۱۱۸

http://mujahid.xtgem.com

## (۵۶) سمندر اور کشتیوں میں ڈوبنے سے بچاؤ کیلئے

### مسنون عمل

حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں میری اُمت کا ڈوبنے سے بچاؤ کے لئے کشتیوں میں سوار ہونے کے وقت یہ کہنا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الْمَلِكِ الْحَقِّ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ وَالْاَرْضُ جَمِیْعًا قَبْضَتُهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِیّٰتٌۢ بِیَمِیْنِهٖ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ❀ بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ❀

(ترجمہ) شروع اللہ کے نام سے جو بادشاہ ہے حق ہے، اور (افسوس کہ) ان لوگوں نے خدا تعالیٰ کی کچھ عظمت نہ کی جیسی عظمت کرنا چاہئے تھی حالانکہ (اسکی وہ شان ہے کہ) ساری

http://mujahid.xtgem.com

زمین اسکی مٹھی میں ہوگی قیامت کے دن اور تمام آسمان لپٹے ہوں گے اس کے داہنے ہاتھ میں وہ پاک اور برتر ہے ان کے شرک سے۔

اس کا چلنا اور اس کا ٹھہرنا (سب) اللہ ہی کے نام سے ہے بالیقین میرا رب غفور ہے رحیم ہے۔

(پارہ ۲۴ آیت ۶۷ سورۃ الزمر۔ پارہ ۱۲ آیت ۴۱ سورۃ ہود)

## (۵۷) ایک مجرب عمل برائے عافیت اہل وعیال

## وانجانا خوف

ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے اپنی جان اور اپنی اولاد اور اپنے اہل وعیال اور مال کے بارے میں نقصان کا خوف رہتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا صبح وشام یہ پڑھ لیا کرو۔

بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى دِيْنِيْ وَنَفْسِيْ وَ
وَلَدِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ ۞

ترجمہ: اللہ کے نام سے میں اللہ تعالی کے سپرد کرتا ہوں اپنا دین اور اپنی جان اور اپنی اولاد اور اپنے اہل اور اپنے مال کو۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

چند دن کے بعد یہ شخص آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا اب کیا حال ہے؟ عرض کیا قسم ہے اس ذات کی جس نے حق کے ساتھ آپ کو مبعوث فرمایا میرا سب خوف غائب ہوگیا۔ (کنز العمال جلد ۲ ص ۶۳۶) (کشکولِ معرفت ص ۵۷ حضرت مولانا حکیم محمد اختر صاحب)

**فائدہ** جس شخص کو انجانا خوف رہتا ہو اور دل خوف سے قرار نہ پکڑتا ہو تو اس پیارے ومحبوب مسنون عمل کو اپنا حرز جان بنالے اور اٹھتے بیٹھتے وقت پڑھتا رہے ان شاء اللہ تمام غم اور خوف ختم ہو جائیں گے۔

## (۵۸) جو شخص اپنی مصیبت کسی پر ظاہر نہ کرے

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو بندہ کسی جانی یا مالی مصیبت میں مبتلا ہو اور وہ کسی سے اس کا اظہار نہ کرے اور نہ لوگوں سے شکوہ شکایت کرے تو اللہ تعالیٰ کا ذمہ ہے کہ وہ اس کو بخش دیں گے۔ (معجم اوسط طبرانی)

❀ ❀ ❀

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

## (۵۹) دینی کاموں میں لوگوں کی طرف سے رکاوٹ نہ ہو اور صحیح فیصلہ کرنے کی توفیق نصیب ہو

حضرت حصین رضی اللہ عنہ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کی دعوت دی حضرت حصین رضی اللہ عنہ نے فرمایا میری قوم ہے میرا خاندان ہے (اگر اسلام) لاؤں گا تو ان سے مجھے خطرہ ہے اس لیے اب میں کیا کہوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ دعا پڑھو۔

اَللّٰهُمَّ اسْتَهْدِيْكَ لِاَرْشَدِ اَمْرِيْ وَ زِدْنِيْ عِلْمًا يَّنْفَعُنِيْ ❀

ترجمہ ”اے اللہ میں اپنے معاملہ میں زیادہ رشد وہدایت والے راستے کی آپ سے رہنمائی چاہتا ہوں اور مجھے علم نافع اور زیادہ عطا فرما۔“

چنانچہ حضرت حصین رضی اللہ عنہ نے یہ دعا پڑھی اور اسی مجلس میں اُٹھنے سے پہلے ہی مسلمان ہو گئے۔ (حیاۃ الصحابہ جلد ا صفحہ ۹۳)

**فائدہ:** (ا) اگر کسی کو دینی کام کے اندر صحیح فیصلہ کرنے میں دشواری پیش

http://mujahid.xtgem.com

آرہی ہو تو مذکورہ بالا دعا کو حضور قلب اور توجہ الی اللہ کرتے ہوئے گیارہ مرتبہ پڑھیں ان شاء اللہ صحیح فیصلہ کرنے کی توفیق نصیب ہوگی۔

(۲) جب کوئی ذاتی امر ایسا پیش آ جائے کہ آدمی اسکا فیصلہ نہ کر سکے اور اس وقت کوئی ہمدرد یا دوست بھی موجود نہ ہو جس سے مشورہ کر سکے تو اس وقت یہ مسنون عمل انسان کے لئے نعمت عظمیٰ سے کم نہیں مذکورہ مسنون دعا پڑھے اور جو دل میں صحیح معلوم ہو فیصلہ کر دے۔

## (۶۰) بیوی کی ناراضگی دور ہو

جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا غضب ناک ہو جاتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کی ناک پکڑ لیتے اور فرماتے اے عویش یہ دعا کرو۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّبِيِّ مُحَمَّدٍ اغْفِرْ ذَنْۢبِيْ وَاَذْهِبْ غَيْظَ قَلْبِيْ وَاَجِرْنِيْ مِنْ مُّضِلَّاتِ الْفِتَنِ ❀ (ابن کثیر صفحہ ۳۳۶ جلد نمبر ۲)

ترجمہ ''اے اللہ! اے محمد کے پروردگار! میرے گناہ معاف کر دے اور میرے دل کا غصہ دور کر اور مجھے گمراہ کن فتنوں سے بچا لے۔

http://mujahid.xtgem.com

نوٹ: علمانے لکھا ہے کہ اگر کسی کی بیوی ناراض ہوتی رہتی ہوتو اس کی ناک پکڑ کر مذکورہ دعا سکھا دیا کریں یا پڑھا دیا کریں اُمید ہے کہ باہمی محبت ہوگی۔

## (٦١) محبت بڑھانے کے لیے میاں بیوی کا آپس میں جھوٹ بولنا

حضرت عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن رواحہ رضی اللہ عنہ اپنی بیوی کے پہلو میں لیٹے ہوئے تھے ان کی باندی گھر کے کونے میں (سو رہی) تھی یہ اٹھ کر اس کے پاس چلے گئے اور اس میں مشغول ہو گئے ان کی بیوی گھبرا کر اُٹھی اور ان کو بستر پر نہ پایا تو وہ باہر چلی گئی اور انہیں باندی میں مشغول دیکھا تو وہ واپس اندر آئی اور چھری لے کر باہر نکلی اتنے میں یہ فارغ ہو کر کھڑے ہو چکے تھے اور اپنی بیوی کو راستے میں ملے بیوی نے چھری اٹھائی ہوئی تھی انہوں نے پوچھا کیا بات ہے؟ بیوی نے کہا ہاں کیا بات ہے؟ اگر میں تمہیں وہاں پالیتی جہاں میں نے تمہیں دیکھا تھا تو میں تمہارے کندھوں کے درمیان یہ چھری گھونپ دیتی۔ حضرت ابن رواحہ رضی اللہ عنہ نے کہا تم نے مجھے کہاں دیکھا تھا انہوں نے کہا میں نے تمہیں

http://mujahid.xtgem.com

باندی کے پاس دیکھا تھا۔ حضرت ابن رواحہ رضی اللہ عنہ نے کہا تم نے مجھے وہاں نہیں دیکھا تھا میں باندی کے پاس نہیں گیا میں نے اس کے ساتھ کچھ نہیں کیا۔ اگر میں نے اس کے ساتھ کچھ کیا ہوتو میں جنبی (ناپاک) ہوتا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حالت جنابت میں قرآن پڑھنے سے ہمیں منع فرمایا ہے۔

(اور میں ابھی قرآن پڑھ کر تمہیں سنا دیتا ہوں) ان کی بیوی نے کہا اچھا قرآن پڑھو انہوں نے یہ اشعار (اس طرح سے) پڑھے۔ کہ ان کی بیوی قرآن سمجھتی رہی۔

اَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰہِ یَتْلُوْ کِتَابَہٗ
کَمَا لَاحَ مَشْھُوْرٌ مِنَ الْفَجْرِ سَاطِعٗ

ترجمہ ہمارے پاس اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم آئے جو اللہ کی ایسی کتاب پڑھتے ہیں جو کہ روشن اور چمکدار صبح کی طرح چمکتی ہے۔

اَتٰی بِالْھُدٰی بَعْدَ الْعَمٰی فَقُلُوْبُنَا
بِہٖ مُوْقِنَاتٌ اَنَّ مَا قَالَ وَاقِعٗ

ترجمہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے اندھے پن کے بعد ہدایت لے کر آئے

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

اور ہمارے دلوں کو یقین ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ کہا ہے وہ ہو کر رہے گا۔

يَبِيتُ يُجَافِي جَنْبَهُ عَنْ فِرَاشِهِ
إِذَا اسْتَثْقَلَتْ بِالْمُشْرِكِينَ الْمَضَاجِعُ

ترجمہ جب مشرکین بستروں پر گہری نیند سو رہے ہوتے ہیں اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم عبادت میں ساری رات گزار دیتے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا پہلو بستر سے دور رہتا ہے۔

یہ اشعار سن کر ان کی بیوی نے کہا میں اللہ پر ایمان لاتی ہوں اور میں اپنی نگاہ کو غلط قرار دیتی ہوں۔ پھر صبح کو حضرت ابن رواحہ رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جا کر یہ واقعہ سنایا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم اتنا ہنسے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دندان مبارک نظر آنے لگے۔

## (٦٢) میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے کا آسان نسخہ

میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے کا آسان نسخہ یہ ہے کہ دونوں ایک دوسرے

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

کے لیے (خیر کی) دعائیں کرتے رہیں، ان شاء اللہ چند دنوں میں ایسی عجیب محبت پیدا ہو جائے گی کہ جس کا دونوں کو وہم وگمان بھی نہ ہوگا۔

## (۶۳) موت کے سوا ہر چیز سے امن

مسند بزار میں حدیث ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب تم بستر پر لیٹو اور سورۃ فاتحہ اور سورۃ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَد پڑھ لو تو موت کے سوا ہر چیز سے امن میں رہو۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۴ صفحہ ۳۲)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۲ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِيْمِ ۝۳ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝۴ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ
اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝۵ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ
الْمُسْتَقِيْمَ ۝۶ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۵ غَيْرِ
الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝۷

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ ﴿١﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ ﴿٢﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ ﴿٣﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۚ ﴿٤﴾

**فائدہ:** یقین کامل کے ساتھ مذکورہ مسنون عمل کیا جائے تو چوروں ڈاکوؤں سے بھی گھر کی حفاظت رہے اور خود بھی امن سے رات گزارے۔

## (۶۴) آپ مریض ہیں تو یہ عمل کریں

ابن جریر میں حضرت علی رضی اللہ کا فرمان ہے جب تم میں سے کوئی شفا چاہے تو قرآن کریم کی کسی آیت کو کسی صحیفے پر لکھ لے اور اسے بارش کے پانی سے دھولے اور اپنی بیوی کے مال (مہر) سے اس کی رضامندی سے پیسے لے کر شہد خرید لے اور یہ دونوں پی لے پس اُسی میں کئی وجہ سے شفا آ جائے گی۔

خدا تعالیٰ عزّ وجلّ کا فرمان ہے۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ❀

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ ہم نے قرآن میں وہ نازل فرمایا ہے جو شفا ہے اور رحمت ہے مومنین کے لیے۔

ایک دوسری آیت میں ہے

وَاَنزَلنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبَارَكًا ۞

ترجمہ ہم ہی آسمان سے بابرکت پانی برساتے ہیں۔

اور فرمان ہے

فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَیْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِیْٓــًٔا مَّرِیْٓــًٔا ۞

ترجمہ اگر عورتیں اپنے مال مہر میں سے اپنی خوشی سے تمھیں دے دیں تو بے شک تم اسے کھاؤ پیو سہتا بجتا۔

شہد کے بارے میں فرمان الٰہی ہے۔

فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۞

ترجمہ شہد میں لوگوں کے لیے شفا ہے۔

ابن ماجہ میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جو شخص ہر مہینے میں تین دن صبح کو شہد چاٹ لے اسے کوئی بڑی بلا نہیں پہنچے گی۔

(تفسیر ابن کثیر ج ۳ صفحہ ۱۲۹)

http://mujahid.xtgem.com

**فائدہ:** ان آیات قرآنی اور احادیث سے تین چیزوں کا بابرکت ہونا معلوم ہوا (۱) بارش کا پانی (۲) شہد (۳) بیوی کا مہر

بیوی کے مہر کے بارے میں قرآن کہتا ہے تم اسے کھاؤ مزے لے لے کر۔ علماء نے لکھا ہے کہ کوئی آدمی کاروبار کرے اور بیوی کے مہر کی رقم کاروبار میں تھوڑی سی لگا دے تو اسے ان شاء اللہ نقصان نہ ہوگا۔ مہر کی رقم طرفین کے لیے خیر و برکت کی چیز ہے۔

## (۶۵) محفوظ قلعہ ہر شے سے حفاظت کیلئے

حضرت عبداللہ ابن خبیب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بارش کی رات اور سخت اندھیرے میں تلاش کر رہے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہم پا گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین بار قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور تین بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور تین بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ صبح شام پڑھ لیا کرو یہ تمہارے لیے ہر شے کے لیے کافی ہو جائے گا۔ (مشکوٰۃ)

**فائدہ:** یہ وظیفہ ہر شر سے بچانے کے لیے کافی ہے یعنی نفس و شیطان اور

http://mujahid.xtgem.com

جنات و آسیب، جادو، حاسد و دشمنوں کے ہر شر اور بری نظر کے شر سے
حفاظت کیلئے اور یہ وظیفہ ہر وظیفہ کی طرف سے بھی کافی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ ① اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ ② لَمْ
يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ ③ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ
كُفُوًا اَحَدٌ ۠ ④

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ ① مِنْ شَرِّ مَا
خَلَقَ ۙ ② وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ ③
وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ ④ وَمِنْ
شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۠ ⑤

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ ① مَلِكِ النَّاسِ ۙ ②
اِلٰهِ النَّاسِ ۙ ③ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ ۵

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ
النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

## (۶۶) دفع غم وفکر کیلئے علامہ آلوسی کا ورد

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ
تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۝

ترجمہ: میرے لئے اللہ ہی کافی ہے اللہ وہ ذات ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں میں اسی پر بھروسہ کرتا ہوں اور وہ عرش عظیم کا رب ہے۔

ابوداؤد شریف کی حدیث میں ہے کہ جو شخص اس آیت کو سات مرتبہ صبح اور سات مرتبہ شام پڑھ لیا کرے اللہ تعالیٰ اس کے دنیا اور آخرت کے ہر غم اور فکر کے لیے کافی ہو جائے گا۔ مشہور مفسر علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ ورد اس فقیر کا بھی ہے۔ (روح المعانی)

http://mujahid.xtgem.com

## دم جھاڑا کر کے رقم لینا جائز ہے

صحیح بخاری شریف کے باب فضائل قرآن میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ہم ایک مرتبہ سفر میں تھے اور ایک جگہ اُترے ہوئے تھے۔ ناگاہ ایک لونڈی آئی اور کہا کہ یہاں کے قبیلہ کے سردار کو سانپ نے کاٹ لیا ہے ہمارے آدمی یہاں موجود نہیں۔ آپ میں سے کوئی ایسا ہے جو جھاڑ پھونک کر دے۔ ہم میں سے ایک شخص اُٹھ کر اس کے ساتھ ہو لیا۔ ہم نہیں جانتے تھے کہ یہ کچھ دم جھاڑا بھی جانتا ہے اس نے وہاں جا کر کچھ پڑھ کر دم کیا خدا کے فضل سے وہ بالکل اچھا ہو گیا۔ سردار نے تیس بکریاں دیں اور ہماری مہمانی کے لیے دودھ بھی بہت سارا بھیجا۔ جب وہ واپس آئے تو ہم نے کہا کہ کیا تم کو اس کا علم یاد تھا اس نے کہا میں نے تو صرف سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کیا ہے۔ ہم نے کہا اس آئے ہوئے مال کو نہ چھیڑو پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ پوچھ لو۔ مدینہ منورہ میں آ کر ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے کیسے معلوم ہو گیا کہ یہ پڑھ کر دم کرنے کی

http://mujahid.xtgem.com

سورۃ ہے۔اس مال کے حصے کردو اور میرا بھی ایک حصہ لگانا۔

(مسلم، بخاری، ابوداؤد، تفسیر ابن کثیر جلد ا صفحہ ۳۰)

**فائدہ:** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قرآنی، مسنون (اور بزرگان دین کے بتائے ہوئے) عملیات سے علاج کرنا اور اس پر ہدیہ قبول کرنا جائز ہے۔

## ضروری گزارش

عامل حضرات کو عمل کرتے وقت دو چیزوں کا خاص لحاظ رکھنا چاہئے۔

(۱) عمل کرنے میں شرک نہ کیا جائے۔

(۲) کسی ناجائز کام کیلئے عمل نہ کیا جائے۔

عامل حضرات کو اپنے عمل میں تاثیر پیدا کرنے کیلئے بہت کچھ محنت کرنی پڑتی ہے اور اس میں بہت سا وقت روزانہ صرف ہوتا ہے اور بعض دفعہ مالی اخراجات بھی اٹھانے پڑتے ہیں۔ عوام الناس کو ایسے نیک لوگوں کی حسب استطاعت ضرور مدد کرنی چاہئے ۔اللہ آپ کا اور ہمارا حامی و ناصر ہو۔(آمین)

بندہ عاجز: ابن الحافظ سیالوی

http://mujahid.xtgem.com

# حصہ دوم

# ساٹھ روحانی نسخے

از

مولانا محمد عمر پالن پوری رحمۃ اللہ علیہ

بیان فرمودہ

مولانا محمد یونس پالن پوری مدظلہ العالی

ترجمہ وعناوین

صاحبزادہ مولانا ابن الحافظ سیالوی

ناشر

ادارۃ القاسم لاهور

http://mujahid.xtgem.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## (۱) زیارت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نصیب ہو

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۞

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں ان پیغمبر پر اے ایمان والو تم بھی آپ پر رحمت بھیجا کرو اور خوب سلام بھیجا کرو۔ (پارہ ۲۲ سورۃ الاحزاب آیت ۵۶)

**فائدہ:** جو شخص حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ہم کلام ہونے کا یا ان کی زیارت کا خواہشمند ہو وہ رات کو سوتے وقت اس آیت کی تسبیح پڑھے۔ ان شاء اللہ جلد ہی خواہش پوری ہوگی۔

## (۲) گردے اور پتے کی پتھری کے لئے

وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۞

ترجمہ اور بعضے پتھر تو ایسے ہیں جن سے (بڑی بڑی) نہریں پھوٹ کر چلتی ہیں اوران ہی پتھروں سے بعضے ایسے ہیں کہ جو شق ہو جاتے ہیں پھران سے (اگر زیادہ نہیں تو تھوڑا ہی) پانی نکل آتا ہےاوران ہی (پتھروں میں سے) بعضے ایسے ہیں جو خدا تعالی کے خوف سے نیچے لڑھک آتے ہیں اور حق تعالیٰ تمہارے اعمال سے بے خبر نہیں ہیں۔

**فائدہ:** اگر آپ کو گردے اور پتے کی پتھری ختم کرنی ہو تو (۴۱) بار مذکورہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس وقت تک پلائیں جب تک کامیابی نہ ہو۔ (پارہ ۱ سورۃ البقرہ آیت ۷۴)

## (۳) موذی جانور یا دشمن سے خوف ہو

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۞

(پارہ ۱ سورۃ البقرہ آیت ۱۸)

ترجمہ بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں سو یہ اب رجوع نہ ہوں گے۔

**فائدہ:** اگر راستہ میں کسی موذی جانور یا دشمن سے خوف محسوس ہو تو

http://mujahid.xtgem.com

(۷) دفعہ اس پر مذکورہ آیت پڑھ کر پھونکیں۔

## (۴) راست بازی اور ہدایت کیلئے

أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۞

ترجمہ: یہ لوگ ہیں ٹھیک راہ پر جو انکے پروردگار کی طرف سے ملی ہے اور یہ لوگ ہیں پورے کامیاب۔ (پارہ ا سورۃ البقرہ آیت ۵)

**فائدہ:** اگر کوئی دین سے غافل ہو سیدھے راستے سے بھٹکے ہوئے ہو یا برے افعال میں مبتلا ہو تو اس مذکورہ آیت کو پانی پر (۱۰۱) مرتبہ پڑھ کر دم کر کے (۴۱) دن تک پی لے۔

## (۵) درد اور بیماری سے شفا کے لئے

وَإِن يَمْسَسْكَ اللَّهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهُ إِلَّا هُوَ ۖ وَإِن يَمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۞ (پارہ ۷ سورۃ الانعام آیت ۱۷)

ترجمہ: اور اگر تجھ کو اللہ تعالیٰ کوئی تکلیف پہنچا دیں تو اس کا

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

دور کرنے والا سوائے اللہ تعالیٰ کے اور کوئی نہیں اور اگر تجھ کو کوئی نفع پہنچاویں تو وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں۔

**فائدہ:** اگر آپ کو ہر قسم کی بیماری سے شفا حاصل کرنی ہو تو (۷ یا ۱۱) دفعہ مذکورہ آیت کو جس جگہ تکلیف ہو وہاں ہاتھ رکھ کر پڑھ لو اور تھتھلا دو (تھوتھو کر دو)۔

## (٦) رزق کی تنگی اور کسی خاص چیز کے حصول کیلئے

رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۞ (پارہ ۷ سورۃ المائدۃ آیت ۱۱۴)

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار ہم پر آسمان سے کھانا نازل فرمایئے کہ وہ ہمارے لئے یعنی ہم میں جو اول ہیں اور جو بعد ہیں سب کے لئے ایک خوشی کی بات ہو جائے اور آپ کی طرف سے ایک نشان ہو جاوے اور آپ ہم کو عطا فرمایئے اور آپ سب عطا کرنے والوں سے اچھے ہیں۔

**فائدہ:** اگر آپ رزق کی تنگی سے پریشان ہیں یا کسی خاص چیز کے

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

کھانے کی حاجت ہوتو مذکورہ آیت کو(۷)دفعہ پڑھ کر آسمان کی طرف پھونکیں۔خبردار......دعا پوری ہونے کے بعد اللہ کا شکر ادا کرنا۔

## (۷) دل کی گھبراہٹ دور ہو

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۞ (پارہ ۱۳ سورۃ الرعد آیت ۲۸)

ترجمہ مراد اس سے وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور اللہ کے ذکر سے ان کے دلوں کو اطمینان ہوتا ہے۔خوب سمجھ لو کہ اللہ کے ذکر سے دلوں کو اطمینان ہو جاتا ہے۔

فائدہ: اگر آپ کو دل کی گھبراہٹ اور بیماری دور کرنی ہو تو (۴۱) بار پانی پر دم کر کے پی لو۔

## (۸) مقدمہ میں کامیابی کیلئے

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۞

ترجمہ اور کہہ دیجئے کہ حق آیا اور باطل گیا گذرا ہوا (اور) واقعی باطل چیز تو یونہی آتی جاتی رہتی ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

**فائدہ:** اگر آپ کو مقدمہ میں کامیابی حاصل کرنی ہو تو روزانہ کسی نماز کے بعد (۱۳۳) دفعہ مذکورہ آیت پڑھ لو اگر حق پر ہو تب پڑھو، ورنہ ناحق پڑھنے والا خود مصیبت میں گرفتار ہو سکتا ہے۔

## (۹) غصہ دفع کرنے کیلئے

وَالْکٰظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ ط
وَاللّٰهُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ۞

ترجمہ اور غصے کے ضبط کرنے والے اور لوگوں سے درگزر کرنے والے ہیں اور اللہ تعالیٰ ایسے نیکوکاروں کو محبوب رکھتا ہے۔

**فائدہ:** اگر آپ کو غصہ شدید آتا ہے اور آپے سے باہر ہو جاتے ہیں تو (۱۰۱) دفعہ مذکورہ آیت (۲۱) دن تک چینی پر پڑھ کر کھالیں۔

## (۱۰) بیٹے اور بیٹی کیلئے رشتہ نصیب ہو

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ ۞

(پارہ ۲۰ سورۃ النمل آیت ۶۲)

ترجمہ وہ ذات جو بے قرار آدمی کی سنتا ہے جب وہ اس کو پکارتا ہے (اور اس کی مصیبت کو دور کر دیتا ہے)

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

**فائدہ:** اگر آپ کو اپنی اولاد کا رشتہ نہیں ملتا تو اُٹھتے بیٹھتے مذکورہ آیت کا ورد جاری رکھیں۔

## (۱۱) ذاتی مکان، وسعت رزق اور تنگی سے نجات کیلئے

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِى الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۞

ترجمہ اور بے شک ہم نے تم کو زمین پر رہنے کی جگہ دی اور ہم نے تمہارے لئے اس میں سامان زندگانی پیدا کیا۔ تم لوگ بہت ہی کم شکر کرتے ہو۔ (پارہ ۸ سورۃ الاعراف آیت ۱۰)

**فائدہ:** اگر آپ کے پاس رہنے کی جگہ یا مکان نہ ہو یا روزی کا ذریعہ نہ ہو یا رزق سے تنگی ہو یا مسافرت ہو اور سامان آپ کے پاس کوئی نہ ہو تو مذکورہ آیت کو (۱۵۱) مرتبہ روزانہ پڑھ لو جب تک کامیابی نہ ہو۔ انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

## (۱۲) کھوئی ہوئی عزت نصیب ہو

فَسُبْحٰنَ الَّذِىْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَىْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۞

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ اس کی پاک ذات ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کا پورا اختیار ہے اور تم سب کو اسی کے پاس لوٹ کر جانا ہے۔

**فائدہ:** اگر آپ لوگوں کی نظروں سے گر گئے ہو اور چاہتے ہوں کہ آپ کی عزت قائم ہو جائے تو آپ مذکورہ آیت کو (۱۱) دفعہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک لو ان شاء اللہ کامیاب ہو جاؤ گے۔

## (۱۳) اولاد نرینہ اور حفاظت حمل کیلئے

وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ۞

(پارہ ۲۹ سورۃ نوح آیت ۱۲)

ترجمہ اور تمہارے مال اور اولاد میں ترقی دے گا اور تمہارے لئے باغ لگا دے گا اور تمہارے لئے نہریں بہا دے گا۔

**فائدہ:** اگر آپ کے یہاں اولاد نرینہ نہیں ہے تو حمل ٹھہرتے ہی نو مہینے تک (۱۱) مرتبہ روزانہ پڑھیے۔ رزق کی تنگی کو دور کرنے کے لیے بھی اس دعا کو روزانہ سات مرتبہ پڑھیے۔

http://mujahid.xtgem.com

## (۱۴) میاں بیوی کو آپس کی محبت نصیب ہو

وَمِنْ اٰیٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَیْهَا وَجَعَلَ بَیْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ

(پارہ ۲۱ سورۃ روم آیت ۲۱)

ترجمہ اور اسی کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ اس نے تمہارے واسطے تمہاری جنس کی بیبیاں بنائیں تاکہ تم کو ان کے پاس آرام ملے اور تم میاں بیوی میں محبت اور ہمدردی پیدا کی اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو فکر سے کام لیتے ہیں۔

**فائدہ:** اگر آپ کو اپنی بیوی سے اختلاف ہے۔ آپس میں محبت نہیں ہے تو اس مذکورہ آیت کو (۹۹) دفعہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر تین دن دم کریں اور دونوں کھائیں۔

## (۱۵) جادو کا اثر ختم ہو

قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ﴿۶۸﴾ وَاَلْقِ مَا فِیْ

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ؕ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۞

ترجمہ: ہم نے کہا تم ڈرو نہیں تم ہی غالب رہو گے اور (اس کی صورت یہ ہے کہ) یہ تمہارے داہنے ہاتھ میں جو (عصا) ہے اس کو ڈال دو ان لوگوں نے جو کچھ (سانگ) بنایا ہے یہ (عصا) سب کو نگل جاوے گا یہ جو کچھ بنایا ہے جادوگروں کا سانگ ہے۔

**فائدہ:** اگر آپ کو شک ہے کہ تم پر جادو کیا گیا ہے یا علامتیں محسوس ہو رہی ہوں تو جادو کے اثر کو ختم کرنے کے لیے (۱۱) دن تک (۱۰۰) دفعہ مذکورہ آیت پڑھ کر اپنے اوپر پھونکیں یا اور کسی پر شک ہو تو اس پر پڑھ کر پھونکیں اس دعا کے دوران کوئی دوسرا عمل نہ پڑھیں۔

## (۱۶) خاوند کی بے راہ روی اور حرام کمائی سے نجات کیلئے

قُلْ لَّا يَسْتَوِى الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰاُولِى الْاَلْبَابِ

http://mujahid.xtgem.com

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۞ (پارہ ۷ سورۃ المائدہ آیت ۱۰۰)

ترجمہ آپ فرما دیجئے کہ ناپاک اور پاک برابر نہیں گو تجھ کو ناپاک کی کثرت تعجب میں ڈالتی ہو۔ تو خدا تعالیٰ سے ڈرتے رہو اے عقلمندو! تا کہ تم کامیاب ہو۔

**فائدہ:** اگر کسی کا خاوند دوسری عورت سے ناجائز تعلق رکھتا ہو یا حرام کی کمائی گھر میں لاتا ہو تو اسے باز رکھنے کے لیے (۱۱) دن تک (۱۴۱) مرتبہ اس مذکور آیت کو کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر دم کر کے کھلائیں۔ ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

## (۱۷) ہر جائز مراد پوری ہو

اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ

(پارہ ۹ سورۃ الانفال آیت ۹)

ترجمہ اس وقت کو یاد کرو جب تم اپنے رب سے فریاد کر رہے تھے پھر اللہ تعالیٰ نے تمہاری سن لی کہ میں تم کو ایک ہزار فرشتوں سے مدد دوں گا جو سلسلہ وار چلے آویں گے۔

http://mujahid.xtgem.com

**فائدہ:** مسلمانوں پر واجب ہے کہ تمام امور میں اللہ پر توکل کریں اس کے سوا کسی اور پر وثوق نہ کریں مدد اور کامیابی اسی قوت والے کے ہاتھ میں ہے جو سب کا پیدا کرنے والا ہے ہر جائز مراد کے لیے (۱۴) دفعہ مذکورہ آیت (۱۱) دن تک پڑھیں۔

## (۱۸) لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو یا آتا ہو مگر پسند نہ آتا ہو

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ۞

(پارہ ۲۰ سورۃ القصص آیت ۲۴)

ترجمہ: اے میرے پروردگار (اس وقت) جو نعمت آپ مجھ کو بھیج دیں میں اس کا (سخت حاجت مند ہوں)

**فائدہ:** اگر آپ کی لڑکی کے لیے رشتہ نہ آتا ہو یا آتا ہو مگر پسند نہ آتا ہو تو آپ (۱۱۲) مرتبہ اس آیت کو پڑھیں اور تین دفعہ سورۃ والضحیٰ کو پڑھیں اور یہ عمل ہر مہینہ کے شروع میں (۱۱ دن) تک پڑھیں اور تین مہینہ تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ اچھا رشتہ نصیب ہوگا۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

## (۱۹) بیٹا عالم فاضل ہو اور ذہین ہو

وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ۗ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ۞

(پارہ ۵ سورۃ النساء آیت ۱۱۳)

ترجمہ اور آپ کو وہ باتیں بتلائی ہیں جو آپ نہ جانتے تھے اور آپ پر اللہ تعالیٰ کا بڑا فضل ہے۔

فائدہ: اگر آپ کا بچہ کند ذہن ہو یا طالب علم ہو تو اس کو مذکورہ آیت (۱۲۱) مرتبہ پانی پر دم کر کے روزانہ پلائیں ان شاء اللہ اس کی برکت سے عالم فاضل ہو جائے گا۔

## (۲۰) عزت وقار اور نام پیدا کرنے کیلئے

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞ وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۗ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۞

(پارہ ۲۵ سورۃ الجاثیہ آیت ۳۶-۳۷)

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ: سو تمام خوبیاں اللہ ہی کے لئے ہیں جو پروردگار ہے آسمانوں کا اور پروردگار ہے زمین کا، پروردگار ہے تمام عالم کا۔ اور اسی کو بڑائی ہے آسمانوں اور زمین میں اور وہی زبردست حکمت والا ہے۔

فائدہ: اگر آپ کو عزت و آبرو اور وقار حاصل کرنا ہو یا اچھے کاموں میں نام پیدا کرنا ہو یا عمل کا وزن بھاری کرنا ہو تو روزانہ مذکورہ آیت (۷) دفعہ پڑھیں۔

## (۲۱) اولاد کی فرمانبرداری کیلئے

رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ؕ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ❁

ترجمہ: اے میرے پروردگار مجھ کو اس پر مداومت دیجئے کہ میں آپ کی ان نعمتوں کا شکر کیا کروں جو آپ نے مجھ کو اور میرے ماں باپ کو عطا فرمائی ہیں اور میں نیک کام کروں جس سے آپ خوش ہوں اور میری اولاد میں بھی میرے لئے صلاحیت پیدا کر

http://mujahid.xtgem.com

دیجئے میں آپ کی جناب میں توبہ کرتا ہوں اور میں فرمانبردار ہوں۔

**فائدہ:** اگر آپ اپنی اولاد کی فرمانبرداری چاہتے ہیں اور خدا کے لیے پسندیدہ عمل کرنا چاہتے ہیں تو مذکورہ آیت (۳) دفعہ روزانہ پڑھیں۔ان شاء اللہ مفید ثابت ہوگی۔

## (۲۲) ہر رنج وغم دور کرنے کیلئے

وَأُفَوِّضُ أَمْرِيٓ إِلَى ٱللَّهِۚ إِنَّ ٱللَّهَ بَصِيرٌۢ بِٱلْعِبَادِ ۞

ترجمہ اور میں اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کرتا ہوں خدا تعالی سب بندوں کا نگران ہے۔

**فائدہ:** ہر رنج وغم دور کرنے کے لیے عشاء کی نماز کے بعد (۱۰۱) دفعہ پڑھنے سے غیب سے مدد کا دروازہ کھلتا ہے۔

## (۲۳) اچھائی برائی کی تمیز ہو جائے

وَهَدَيْنَٰهُمَا ٱلصِّرَٰطَ ٱلْمُسْتَقِيمَ ﴿۱۱۸﴾

ترجمہ اور ہم نے ان دونوں کو سیدھے راستہ پر قائم رکھا۔

(پارہ ۲۳ سورۃ الصفت آیت ۱۱۸)

http://mujahid.xtgem.com

فائدہ: اگر آپ سیدھے راہ سے بھٹک جاویں، اچھائی برائی کی تمیز نہ رہے تو آپ (۳۱۳) دفعہ مذکورہ آیت پانی پر دم کر کے اس وقت تک پیتے رہیں جب تک آپ کی حالت سدھر نہ جائے۔

## (۲۴) امتحان میں آسان پرچوں کیلئے

فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ؕ هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝

ترجمہ بے شک اللہ تعالیٰ آپ کے لئے کافی ہے اور وہی ہے جس نے آپ کو اپنی (غیبی) امداد (ملائکہ) سے اور (ظاہری امداد) مسلمانوں سے قوت دی۔

فائدہ: امتحان میں آسان پرچوں کے لیے، فتح اور کامیابی کے لیے جانے سے پہلے (۷) دفعہ ضرور پڑھ لیں۔

## (۲۵) ہاتھ، پاؤں اور آنکھوں کی معذوری دور ہو

اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ ۡ اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ❀

ترجمہ کیا ان کے پاؤں ہیں جن سے وہ چلتے ہیں یا ان کے ہاتھ ہیں جن سے کسی چیز کو تھام سکیں یا ان کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھتے ہیں یا ان کے کان ہیں جن سے وہ سنتے ہیں۔

فائدہ: اگر کوئی شخص ہاتھ، پیر، کان، آنکھ یا ٹانگ وغیرہ سے معذور ہو تو اس آیت کو کثرت سے پڑھ کر مریض کو پانی پر دم کر کے پلا دیجیے۔

## (۲۶) جس بیماری کی ڈاکٹر کو سمجھ نہ آئے

فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ❀

(پارہ ۲۷ سورۃ القمر آیت ۱۰)

ترجمہ تو نوح نے اپنے رب سے دعا کی کہ میں درماندہ ہوں سو آپ (ان سے) انتقام لے لیجئے۔

فائدہ: اگر آپ کو کوئی ایسی بیماری ہو جو ڈاکٹر کی سمجھ سے باہر ہو یا کوئی دوا اثر نہ کرتی ہو تو روزانہ (۳۱۳) مرتبہ مذکورہ آیت پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پھونکیں اور مریض کو پانی پر دم کر کے پلائیں یہ عمل (۲۱)

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

روز تک کریں۔ اسی طرح کوئی شخص مظلوم ہو اور ظالم کا ظلم انتہا تک پہنچ چکا ہو تو بھی مذکورہ آیت روزانہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پھونکیں۔

## (۲۷) جملہ قسم کے یرقان کے لئے

اگر کسی کو یرقان ہو گیا ہو تو پہلے سورۃ الفاتحہ ایک بار پھر سورۃ الحشر سات بار اور پھر سورۃ القریش ایک بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس وقت تک پلائیں جب تک فائدہ نہ ہو۔

## (۲۸) بے بسی ختم ہو اور کام جلدی ہو

رزق کی ترقی اور برکت کے لیے یا کوئی کام بس سے باہر ہو اور کوئی وسیلہ نظر نہ آتا ہو یا اگر کسی کام میں آسانی اور جلدی مطلوب ہو تو سورۃ المزمّل ایک بیٹھک میں (۴۱) مرتبہ تین دن تک پڑھیں اس عمل سے دوسروں کو نقصان پہنچانا مقصود نہیں ہونا چاہیے۔

## (۲۹) حج کرنا نصیب ہو

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ

http://mujahid.xtgem.com

الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ۞

(پارہ ۲۶ سورۃ الفتح آیت ۲۷)

ترجمہ بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو سچا خواب دکھلایا جو مطابق واقعے کے ہے کہ تم لوگ مسجد حرام (یعنی مکہ) میں ان شاء اللہ ضرور جاؤ گے امن و امان کے ساتھ کہ تم میں کوئی سر منڈھاتا ہوگا اور کوئی بال کترا تا ہوگا تم کو کسی طرح کا اندیشہ نہ ہو گا سو اللہ تعالیٰ کو وہ باتیں معلوم ہیں جو تم کو معلوم نہیں پھر اس سے پہلے لگتے ہاتھ ایک فتح دے دی۔

**فائدہ:** اگر آپ کو حج پر جانے کی طلب ہے اور کوئی وسیلہ جانے کا نہ ہو تو کثرت سے اس مذکورہ آیت کا ورد کریں اس وقت تک جب تک امید کی کرن نہ مل جائے۔

## (۳۰) چہرہ خوبصورت ہو جائے

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ
كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ
زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ
وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِى اللّٰهُ
لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ
وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۞

**ترجمہ** اللہ تعالیٰ نور (ہدایت) دینے والا ہے آسمانوں کا اور زمین کا اس کے نور (ہدایت) کی حالت عجیبہ ایسی ہے جیسے (فرض کرو) ایک طاق ہے (اور) اس میں ایک چراغ (رکھا ہے اور) وہ چراغ ایک قندیل میں ہے (اور وہ قندیل ایک طاق میں رکھا ہے اور) وہ قندیل ایسا (صاف شفاف) ہے جیسا ایک چمکدار ستارہ ہو (اور) وہ چراغ ایک نہایت مفید درخت (کے تیل) سے روشن کیا جاتا ہے کہ وہ زیتون (کا درخت ہے) جو (کسی آڑ کے) نہ مشرق رخ ہے اور نہ مغرب رخ ہے اس کا تیل (اسقدر) صاف اور سلگنے والا ہے کہ اگر اس کو آگ

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

بھی نہ چھوئے تا ہم ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خود بخود جل اٹھے گا (اور جب آگ بھی لگ گئی تب تو) نور علی نور ہے (اور) اللہ تعالی اپنے (اس) نور (ہدایت) تک جس کو چاہتا ہے راہ دیتا ہے اور اللہ تعالی لوگوں کی ہدایت کے لئے یہ مثالیں بیان فرماتا ہے۔ اور اللہ تعالی ہر ایک چیز کو جاننے والا ہے۔

**فائدہ:** اگر آپ کو اپنے دل اور چہرے پر نور پیدا کرنا ہے تو روزانہ مذکورہ آیت ایک مرتبہ اپنے اوپر پڑھ کر پھونکیں۔

## (۳۱) خاندان میں اتفاق پیدا ہو

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۞

(پارہ ۱۰ سورۃ الانفال آیت ۶۳)

ترجمہ اور ان کے قلوب میں اتفاق پیدا کر دیا اور اگر آپ دنیا بھر کا مال خرچ کرتے تب بھی ان کے قلوب میں اتفاق پیدا نہ کر سکتے لیکن اللہ ہی نے ان میں باہم اتفاق پیدا کر دیا بے شک وہ

http://mujahid.xtgem.com

زبردست ہیں حکمت والے ہیں۔

**فائدہ:** اگر آپ کسی شخص کے دل میں محبت ڈالنا چاہتے ہوں یا کسی خاندان میں نااتفاقی ہو اور اتفاق پیدا کرنا چاہتے ہوں تو مذکورہ آیت (۱۱) دفعہ روزانہ پڑھیں۔

## (۳۲) ظالم کا ظلم دفع ہو

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ؕ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞

ترجمہ: پھر ظالم لوگوں کی جڑ کٹ گئی اور اللہ کا شکر ہے جو تمام عالم کا پروردگار ہے۔

**فائدہ:** ظالم کو دفع کرنے کے لیے تین دن تک (۲۱) دفعہ پڑھنا مفید ہے۔ یہ آیت بڑی جلالی ہے اس کو ناجائز پڑھنا اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا ہے۔ جب ظالم کا ظلم ناقابل برداشت ہوجائے تب اس دعا کا استعمال کریں۔

## (۳۳) اولاد سے ناامید نہ رہیں

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

بَيْنَهُمَا ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۞

ترجمہ اور اللہ تعالیٰ ہی کے لئے خاص ہے حکومت آسمانوں پر اور زمین پر اور جتنی چیزیں ان دونوں کے درمیان میں ہیں ان پر اور وہ جس چیز کو چاہیں پیدا کر دیں اور اللہ تعالیٰ کو ہر چیز پر پوری قدرت ہے۔ (پارہ ۶ سورۃ المائدہ آیت ۱۷)

**فائدہ:** اگر آپ اولاد سے نا اُمید ہیں تو (۳۰۰) دفعہ کسی میٹھی چیز پر دم کر کے (۴۱) دن تک آدھا خاوند اور آدھا بیوی کھائے۔

## (۳۴) دشمن کی اذیت سے محفوظ رہے

قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ

(پارہ ۱۰ سورۃ التوبہ آیت ۵۱)

ترجمہ آپ فرما دیجئے ہم پر کوئی حادثہ نہیں پڑ سکتا مگر وہی جو اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے مقدر فرمایا ہے وہ ہمارا مالک ہے اور

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

سب مسلمانوں کو اپنے سب کام اللہ کے سپرد رکھنے چاہئیں۔

**فائدہ:** اگر کسی شخص کو دشمن سے تکلیف یا نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو یا دشمن تکلیف پہنچاتا ہو تو اس آیت کو روزانہ سات دفعہ پڑھے ان شاء اللہ اس کی اذیت سے محفوظ رہے گا۔

## (۳۵) نیا کاروبار شروع کرنے سے پہلے پڑھیں

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۞ (پارہ ۲۱ سورۃ لقمان آیت ۲۶)

ترجمہ: جو کچھ آسمانوں اور زمین میں موجود ہے سب اللہ ہی کا ہے اور بے شک اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے سب خوبیوں والا ہے۔

**فائدہ:** رزق کی کشادگی اور کاروبار کی ترقی کے لیے یا نیا کاروبار شروع کرنے سے پہلے اس آیت کو روزانہ (۱۴۱) دفعہ پڑھیں۔

## (۳۶) بدن پر ناسور یا داغ ہو

مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ۭ ۞

(پارہ ۱ سورۃ البقرۃ آیت ۷۱)

ترجمہ: (ہر قسم کے عیب سے) سالم ہو اور اس میں کوئی داغ نہ ہو۔

http://mujahid.xtgem.com

**فائدہ:** اگر آپ کے بدن پر ناسور ہو یا کوئی داغ دھبہ ہو تو (۴۱) بار دوا یا مرہم پر پڑھ کر پھونکیں اور پھر استعمال کریں ان شاء اللہ داغ دھبہ دور ہو جائے گا۔

## (۳۷) اولاد مر جاتی ہو تو اسکی محافظت کیلئے

وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۞

ترجمہ: اور ہم نے ان کو اور ان کے تابعین کو بڑے بھاری غم سے نجات دی۔ (پارہ ۲۳ سورۃ الصّٰفّٰت آیت ۷۶)

**فائدہ:** اگر کسی شخص کی اولاد مر جاتی ہو، زندہ نہ رہتی ہو یا وہ کسی سخت مصیبت میں مبتلا رہتا ہو تو اس دعا کو روزانہ صبح و شام (۱۱) دفعہ پڑھے۔

## (۳۸) جس کسی کو اولاد نہ ہوتی ہو

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ ۭ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ الذُّكُوْرَ

(پارہ ۲۵ سورۃ الشوریٰ آیت ۴۹)

ترجمہ: اللہ ہی کی ہے سلطنت آسمان اور زمین کی وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے جس کو چاہتا ہے بیٹیاں عطا فرماتا ہے اور جس کو

http://mujahid.xtgem.com

چاہتا ہے بیٹے عطا فرماتا ہے۔

**فائدہ:** جس کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو وہ یہ دعا (۱۳۳) مرتبہ پانی پر دم کر کے فجر کی نماز کے بعد دونوں میاں بیوی پئیں۔

## (۳۹) بچوں کے سوکھے پن اور جملہ امراض کیلئے

وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَآءُ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ❀ (پارہ ۱۳ سورۃ یوسف آیت ۵۶)

ترجمہ اور ہم نے ایسے (عجیب) طور پر یوسف (علیہ السلام) کو با اختیار بنا دیا کہ اس میں جہاں چاہیں رہیں سہیں ہم جس پر چاہیں اپنی عنایت متوجہ کر دیں اور ہم نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔

**فائدہ:** اگر کوئی بچہ یا شخص بیمار ہو یا کمزور ہو یا سوکھتا چلا جا رہا ہو اور بظاہر کوئی بیماری نظر نہ آتی ہو تو اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر (۲۱) دن تک (۱۴۱) دفعہ اس آیت کو پڑھے اور پانی پر دم کر کے پلائے۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

## (۴۰) جھوٹی تہمت سے چھٹکارا نصیب ہو

وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۞

(پارہ ۱۱ سورۃ یونس آیت ۸۲)

ترجمہ اور اللہ تعالیٰ دلیل صحیح (یعنی معجزہ) کو اپنے وعدوں کے مواق ثابت کر دیتا ہے گو مجرم (اور کافر) لوگ کیسا ہی نا گوار سمجھیں۔

فائدہ: اگر کوئی جھوٹے مقدمہ میں پھنس گیا ہو یا کسی نے کسی پر جھوٹی تہمت لگائی ہو یا کسی کی عزت پر کوئی حرف آیا ہو وہ اس دعا کو اٹھتے بیٹھتے کثرت سے پڑھے۔ ان شاء اللہ اسے کامیابی حاصل ہوگی۔

## (۴۱) اللہ کی ہر نعمت حاصل ہو

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۚ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۞

ترجمہ اے (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ کہہ دیجئے کہ بے شک فضل تو خدا کے قبضہ میں ہے وہ اس کو جسے چاہیں عطا فرمائیں اور اللہ بڑی

http://mujahid.xtgem.com

وسعت والے ہیں خوب جاننے والے ہیں۔خاص کر دیتے ہیں اپنی رحمت (وفضل) کے ساتھ جس کو چاہیں اور اللہ تعالی بڑے فضل والے ہیں۔(پارہ ۳ سورۃ آل عمران آیت ۷۳،۷۴)

فائدہ: اگر آپ کو اللہ کی ہر نعمت حاصل کرنی ہے تو یہ دعا صبح وشام روزانہ (۷) دفعہ پڑھیں اور ہر حال میں اللہ کا شکر کرتے رہیں۔

## (۴۲) نافرمان اولاد فرمانبردار ہو

اِنِّیْ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ رَبِّیْ وَرَبِّکُمْ ؕ مَا مِنْ دَآبَّۃٍ اِلَّا ھُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِیَتِھَا ؕ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ❀ (پارہ ۱۲ سورۃ ہود آیت ۵۶)

ترجمہ: میں نے اللہ پر توکل کرلیا ہے جو میرا بھی مالک ہے اور تمہارا بھی مالک ہے جتنے روئے زمین پر چلنے والے ہیں سب کی چوٹی اس نے پکڑ رکھی ہے یقیناً میرا رب صراط مستقیم پر ہے۔

فائدہ: اگر آپ کی اولاد نافرمان ہے تو ان کی پیشانی کے بال پکڑ کر مذکورہ آیت (۱۱) مرتبہ پڑھ کر پھونکیں۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

## (۴۳) وسعت رزق کیلئے مجرب عمل

اَللّٰهُ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَیَقْدِرُ لَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ (پارہ ۲۱ سورۃ العنکبوت آیت ۶۲)

ترجمہ اللہ ہی اپنے بندوں میں سے جس کے لئے چاہے روزی فراخ کر دیتا ہے اور جس کے لئے چاہے تنگ کر دیتا ہے بے شک اللہ ہی سب چیز کے حال سے واقف ہے۔

فائدہ: اگر آپ کو رزق کی کشادگی کرنی ہے تو مذکورہ آیت (۱۱) دفعہ فجر کی نماز کے بعد پڑھیں۔

## (۴۴) دائمی صحت و تندرستی کیلئے

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّیْنِ حَنِیْفًا ؕ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْهَا ؕ لَا تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ الدِّیْنُ الْقَیِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ❀ (پارہ ۲۱ سورۃ الروم آیت ۳۰)

ترجمہ سو تم یکسو ہو کر اپنا رخ اس دین کی طرف رکھو، اللہ کی دی

http://mujahid.xtgem.com

ہوئی قابلیت کا اتباع کرو جس پر اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو پیدا کیا ہے، اللہ تعالیٰ کی اس پیدا کی ہوئی چیز کو جس پر اس نے تمام آدمیوں کو پیدا کیا ہے، بدلنا نہ چاہیے پس سیدھا دین یہی ہے۔ لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

فائدہ: جو شخص چاہے کہ مرتے دم تک اس کے تمام اعضاء درست رہیں اور وہ تندرست رہے تو روزانہ تین دفعہ مذکورہ آیت اپنے اوپر پڑھ کر پھونکیں لیا کریں۔

## (۴۵) بخار کی تیزی ختم ہو

يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۞

ترجمہ: ہم نے (آگ کو) حکم دیا کہ اے آگ تو ٹھنڈی اور بے گزند ہو جا ابراہیم کے حق میں۔ (پارہ ۱۷ سورۃ الانبیاء آیت ۶۹)

فائدہ: بخار کی تیزی ختم کرنے کے لیے پڑھ کر مریض پر دم کریں غصہ اور ضد کو ختم کرنے کے لیے بھی اس دعا کا استعمال مفید ہے۔

## (۴۶) اولاد کی نعمت نصیب ہو

الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ

http://mujahid.xtgem.com

الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۚ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۚ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۞ (پارہ ۲۱ سورۃ السجدۃ آیت ۷ تا ۹)

ترجمہ: جس (اللہ) نے جو چیز بنائی خوب بنائی اور انسان کی پیدائش مٹی سے شروع کی پھر اس کی نسل کو خلاصہ اخلاط یعنی ایک بے قدر پانی سے بنایا پھر اس کے اعضاء درست کیے اور اس میں اپنی روح پھونکی اور تم کو کان اور دل دیے تم لوگ بہت کم شکر کرتے ہو (یعنی نہیں کرتے)

**فائدہ:** اگر آپ اولاد کی نعمت سے محروم ہیں تو اللہ پر بھروسہ رکھتے ہوئے کثرت سے ان آیات کا ورد کریں۔

## (۴۷) لاعلاج مرض کیلئے

رَبَّهٗۤ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۞ (پارہ ۱۷ سورۃ الانبیاء آیت ۸۳)

ترجمہ: اپنے رب کو پکارا کہ مجھ کو یہ تکلیف پہنچ رہی ہے اور آپ

http://mujahid.xtgem.com

سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہیں۔

**فائدہ:** اگر آپ ایسی بیماری میں مبتلا ہیں جو نہ سمجھ میں آنے والی ہے اور لاعلاج ہے تو مریض بذات خود اس آیت کا کثرت سے ورد کرے۔

## (۴۸) بیٹے یا بیٹی کی شادی مبارک ہو

وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَصِهْرًا ۗ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيرًا ۞

(پارہ ۱۹ سورۃ الفرقان آیت ۵۴)

**ترجمہ** اور وہ ایسا ہے جس نے پانی سے (یعنی نطفہ سے) آدمی کو پیدا کیا اور پھر اسکو خاندان والا اور سسرال والا بنایا اور (اے مخاطب) تیرا پروردگار بڑی قدرت والا ہے۔

**فائدہ:** اگر آپ کے بیٹے یا بیٹی کا عقد نہ ہوتا ہو تو آپ اپنی اس مراد کے لیے (۲۱) دن تک (۳۱۳) دفعہ (اس آیت مبارکہ کو) پڑھیں۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

## (۴۹) جنت الفردوس کی وراثت نصیب ہو اور عزت کی حفاظت رہے

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۙ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ
خٰشِعُوْنَ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۙ
وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ هُمْ
لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۙ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ
اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۚ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ
ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۚ وَالَّذِيْنَ
هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ هُمْ
عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۘ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۙ
الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۞

(پارہ نمبر ۱۸ سورۃ المومنون آیت ۱ تا ۱۱)

ترجمہ: بالتحقیق ان مسلمانوں نے آخرت میں فلاح پائی جو اپنی نماز میں خشوع کرنے والے ہیں اور جو لغو باتوں سے (خواہ قولی

http://mujahid.xtgem.com

ہوں یا فعلی) برکنار رہنے والے ہیں اور جو اعمال و اخلاق میں اپنا تزکیہ کرنے والے ہیں اور جو اپنی شرمگاہوں کی حرام شہوت رانی سے حفاظت رکھنے والے ہیں لیکن اپنی بیبیوں سے یا اپنی شرعی لونڈیوں سے حفاظت نہیں کرتے کیونکہ ان پر اس میں کوئی الزام نہیں ہاں جو اس کے علاوہ اور جگہ شہوت رانی سے طلبگار ہو ایسے لوگ حد شرعی سے نکلنے والے ہیں اور جو اپنی سپردگی میں لی ہوئی امانتوں اور اپنے عہدوں کا خیال رکھنے والے ہیں اور جو اپنی نمازوں کی پابندی کرتے ہیں پس ایسے ہی لوگ وارث ہونے والے ہیں جو فردوس کے وارث ہوں گے اور وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔

<u>فائدہ:</u> رات کو سوتے وقت مذکورہ آیتیں ضرور پڑھیں کیونکہ یہ آیتیں عزت کی حفاظت کرتی ہیں۔ بے نمازیوں کو نماز کی رغبت دلاتی ہیں۔ بے ہودہ اور بری باتوں سے روکتی ہیں اور جنت الفردوس کا وارث بنا دیتی ہیں۔

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

## (۵۰) عمل برائے استخارہ

وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ۝

ترجمہ اور تم لوگ چھپا کر بات کہو یا پکار کر (اس کو سب خبر ہے کیونکہ) وہ دلوں تک کی باتوں سے خوب واقف ہے (اور بھلا) کیا وہ نہ جانے گا جس نے پیدا کیا ہے اور وہ باریک بین (اور) پورا باخبر ہے۔ (پارہ ۲۹ سورۃ الملک آیت ۱۳، ۱۴)

فائدہ: عشاء کی نماز کے بعد ۲ رکعت نفل نماز استخارہ کی نیت سے پڑھیں اس کے بعد ان آیات کو (۱۰۱) دفعہ پڑھ کر بغیر بات کیے سو جائیں۔ ان شاء اللہ مقصد واضح ہو گا۔

## (۵۱) ہر مشکل آسان ہو

يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ بِنَصْرِ اللّٰهِ ؕ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝

(پارہ ۲۱ سورۃ روم آیت ۵)

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ مسلمان اللہ تعالی کی اس امداد پر خوش ہوں گے۔وہ جس کو چاہے غالب کر دیتا ہے اور وہ زبردست ہے رحیم ہے۔

فائدہ: ہر جائز مراد کے لیے اور ہر مشکل کی آسانی کے لیے اس آیت کو (۱۱۴) دفعہ پڑھیں۔

## (۵۲) دشمن کا خوف نہ رہے

إِنَّ اللَّهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ط إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ۞ (پارہ ۱۷ سورۃ الحج آیت ۳۸)

ترجمہ بلاشبہ اللہ تعالی (ان مشرکین کے غلبہ وغیرہ کو) ایمان والوں سے (عنقریب) ہٹا دے گا بے شک اللہ تعالی کسی دغاباز کفر کرنے والے کو نہیں چاہتا۔

فائدہ: اگر کسی شخص کو ہر وقت دشمن سے خوف رہتا ہو یا اس کی دشمنی بڑھتی جا رہی ہو تو دشمن سے حفاظت کے لیے اس آیت کو (۱۱) دفعہ روزانہ پڑھے۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

## (۵۳) پاگل پن اور جملہ دماغی امراض کیلئے

ذِیْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِی الْعَرْشِ مَكِيْنٍۙ
مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍؕ وَمَا صَاحِبُكُمْ
بِمَجْنُوْنٍۚ وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِۚ
وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍۚ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ
شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍۙ فَاَيْنَ تَذْهَبُوْنَؕ اِنْ هُوَ
اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَۙ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ
يَّسْتَقِيْمَؕ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ
رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ❀ (پارہ ۳۰ سورۃ التکویر آیت ۲۰ تا ۲۹)

ترجمہ (جبرائیل علیہ السلام) جو قوت والا ہے (اور) مالک عرش کے نزدیک ذی رتبہ ہے اور وہاں یعنی آسمانوں مین اس کا کہنا مانا جاتا ہے اور امانت دار ہیں کہ وحی کو صحیح صحیح پہنچا دیتے ہیں تمہارے ساتھ کے رہنے والے (محمد ﷺ) مجنون نہیں ہیں

http://mujahid.xtgem.com

انہوں نے اس فرشتہ کو اصلی صورت میں آسمان کے صاف کنارہ پر دیکھا بھی ہے اور یہ پیغمبر مخفی بتلائی ہوئی وحی کی باتوں پر بخل کرنے والے بھی نہیں اور یہ قرآن کسی شیطان مردود کی کہی ہوئی بات نہیں ہے جب یہ بات ثابت ہے تو تم لوگ اس بارے میں کدھر کو چلے جارہے ہو بس یہ تو بالعموم دنیا جہاں والوں کے لئے ایک نصیحت نامہ ہے اور بالخصوص ایسے شخص کے لئے جو تم میں سے سیدھا چلنا چاہے۔ اور تم بدون خدائے رب العلمین کے چاہے کچھ نہیں چاہ سکتے۔

فائدہ: اگر کسی شخص پر شبہ ہو کہ اس کا دماغی توازن بگڑتا جارہا ہے یا اپنی اصل حالت میں نہیں ہے یا شبہ ہو کہ کسی نے اس پر کچھ کردیا ہے تو اس آیت کو (۴۱) دفعہ پانی پر دم کر کے پلائیں۔

## (۵۴) خوبصورت بیٹا، بیٹی عطا ہو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝١ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝٢ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝٣

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ بے شک ہم نے آپ کو کوثر (ایک حوض کا نام ہے اور ہر خیر کثیر بھی اس میں داخل ہے) عطا فرمائی ہے سو (ان نعمتوں کے شکریہ میں) آپ اپنے پروردگار کی نماز پڑھیے اور قربانی کیجئے بالیقین آپ کا دشمن ہی بے نام ونشان ہے۔

فائدہ: اگر آپ اولاد سے محروم ہو تو روزانہ (۱۰۱) دفعہ سورۃ الکوثر بسم اللہ کے ساتھ پڑھیں۔ ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

## (۵۵) ہدایت ملے اور دل کی غفلت دور ہو

وَاَهۡدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخۡشٰى ۞

(پارہ ۳۰ سورۃ النّٰزعٰت آیت ۱۹)

ترجمہ میں تجھ کو تیرے رب کی طرف (ذات و صفات کی) راہنمائی کروں تو تو یہ سن کر اس سے ڈرنے لگے۔

فائدہ: جو سیدھی راہ سے بھٹک گیا ہو یا برے افعال میں پڑ گیا ہو یا اللہ کی طرف سے غافل ہو گیا ہو تو اس آیت کو روزانہ (۱۰۱) مرتبہ پانی پر دم کر کے اسے پلائیں۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

## (۵۶) دین ودنیا میں فتوحات نصیب ہوں

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۞

ترجمہ اور یہ کہتے ہوں گے کہ تم صحیح سلامت رہو گے بدولت اس کے کہ تم (دین حق پر) مضبوط رہے تھے سو اس جہاں میں تمہارا انجام بہت اچھا ہے۔ (پارہ ۱۳ سورۃ الرعد آیت ۲۴)

**فائدہ:** اگر کسی شخص کو اللہ کی طرف سے کوئی تکلیف پہنچی ہو یا غم یا کسی شخص سے دکھ پہنچا ہو تو وہ اس دعا کو پڑھے۔ ان شاء اللہ اس کے لیے دین ودنیا میں فتوحات کے دروازے کھل جائیں گے۔

## (۵۷) عزت نفس کے مجروح ہوتے وقت عمل

وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ إِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيعًا ۚ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۞

(پارہ ۱۱ سورۃ یونس آیت ۶۵)

ترجمہ اور آپ کو ان کی باتیں غم میں نہ ڈالیں تمام تر غلبہ (اور قدرت بھی) خدا ہی کے لئے (ثابت) ہے وہ (انکی باتیں) سنتا ہے (اور

http://mujahid.xtgem.com

انکی حالت) جانتا ہے (وہ آپ کا بدلہ ان سے خود لے لے گا)

**فائدہ** اگر کوئی کسی کو بدنام کرنے پر تلا ہے اور اس کو اپنی عزت کا خطرہ ہے تو وہ اس آیت کو صبح وشام (۴۱) مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک دے۔

## (۵۸) کاروبار میں خسارہ کے وقت یہ عمل کرے

اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ❀

(پارہ ۱۵ سورۃ بنی اسرائیل آیت ۸۷)

**ترجمہ** مگر (یہ) آپ کے رب ہی کی رحمت ہے (کہ ایسا نہیں کیا) بے شک آپ پر اسکا بڑا فضل ہے۔

**فائدہ:** اگر کوئی شخص غم میں یا اور کسی پریشانی میں مبتلا ہو یا اس کی مالی حالت بگڑتی جارہی ہو تو اُٹھتے بیٹھتے اس کا ورد جاری رکھے۔

## (۵۹) دین ودنیا کی نعمتوں سے مالا مال رہے

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ؕ وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ❀ (پارہ ۲۶ سورۃ محمد آیت ۱۵)

http://mujahid.xtgem.com

ترجمہ جس جنت کا متقیوں سے وعدہ کیا جاتا ہے اس کی کیفیت یہ ہے کہ اس میں بہت سی نہریں تو ایسے پانی کی ہیں جس میں ذرا تغیر نہیں ہوگا اور بہت سی نہریں دودھ کی ہیں جن کا ذائقہ ذرا بدلا ہوا نہ ہوگا اور بہت سی نہریں شراب کی ہیں جو پینے والوں کو بہت لذیذ ہوں گی اور بہت سی نہریں ہیں شہد کی جو بالکل صاف ہوگا اور ان کے لئے وہاں ہر قسم کے پھل ہوں گے اور ان کے رب کی طرف سے بخشش ہوگی۔

**فائدہ:** اگر کوئی شخص چاہتا ہو کہ دنیا میں بھی وہ ہر نعمت سے نوازا جائے اور آخرت میں بھی اللہ تعالیٰ اس کو کسی نعمت سے محروم نہ کریں تو وہ اس آیت کو صبح وشام تین مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ وہ دین دنیا کی نعمتوں سے مالا مال رہے گا۔

## (٦٠) سرطان، طاعون اور پھوڑے پھنسیوں سے بچا رہے

## يَا مَالِكُ ، يَا قُدُّوْسُ ، يَا سَلَامُ

ترجمہ اے ملکوں کے مالک، اے سب عیبوں سے پاک، اے

http://mujahid.xtgem.com

بے عیب ذات۔

**فائدہ:** ہر شخص کو چاہیے کہ سرطان یا طاعون یا پھوڑے پھنسی کی بیماری سے بچنے کے لیے ان اسماء الٰہیہ کو صبح وشام گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ محفوظ رہیں گے۔

## ایک مریض کی تسلی کے لیے خط اور شفا کے لیے

## چودہ روحانی نسخے

حدیث میں فرمایا گیا ہے کہ قیامت کے دن حق تعالیٰ شانہ بعضے بندوں سے پوچھیں گے کہ اے بندے! میں بیمار ہوا اور تو مجھے پوچھنے نہ آیا؟ میں مریض ہوا اور تو میری مزاج پرسی کو نہ حاضر ہوا؟

بندہ کہے گا۔ اے اللہ! آپ تو رب ہیں۔ آپ کو بیماری سے کیا تعلق؟ بیماری تو عیب اور نقص کی چیز ہے۔ آپ ہر نقص اور برائی سے بری ہیں۔ حق جلّ شانہ فرمائیں گے ''میرا فلاں بندہ بیمار ہوا تھا۔ اگر تو بیمار پرسی کے لیے جاتا تو مجھے اس کی چارپائی کی پٹی پر موجود پاتا۔''

(مشکوٰۃ شریف صفحہ نمبر ۱۳۴)

بیماری میں حق تعالیٰ کا قرب نصیب ہوتا ہے کسی تندرست کی چارپائی پر حق تعالیٰ نہیں ہے اور بیمار کی چارپائی پر موجود ہیں یعنی خاص تجلی، لطف وکرم اور عنایت موجود ہے۔ کسی تندرست کے بارے میں حق تعالیٰ جل

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

شانہ نے یہ نہیں فرمایا کہ تندرستی اپنے اوپر لے کر کہا ہو کہ میں تندرست تھا تو میرے پاس کیوں نہیں آیا۔ بیمار کے بارے میں اپنے اوپر لے کر فرمایا کہ میں بیمار ہوا تو مجھے پوچھنے نہ آیا۔ تو بیمار کا دل بڑھ گیا کہ ایسی تندرستی کو سلام ہے جس سے اتنا قرب نہ ہو مجھے یہ بیماری عزیز اور مبارک ہے میں اس بیماری کو چھوڑنا نہیں چاہتا یہ توجہ الی اللہ کا ذریعہ بن رہی ہے اور درجات و مراتب طے ہو رہے ہیں۔

حضرت عمران ابن الحصین رضی اللہ عنہ جلیل القدر صحابی ہیں۔ ایک ناسور پھوڑے کے اندر بتیس برس مبتلا رہے ہیں۔ جو پہلو میں تھا اور چت لیٹے رہتے تھے کروٹ نہیں لے سکتے تھے۔ بتیس برس تک چت لیٹے لیٹے کھانا بھی، پینا بھی عبادت کرنا بھی، قضائے حاجت کرنا بھی...... آپ اندازہ کیجیے بتیس برس ایک شخص ایک پہلو پر پڑا رہے اس پر کتنی عظیم تکلیف ہوگی؟ کتنی بڑی بیماری ہے؟

یہ تو بیماری کی کیفیت تھی لیکن چہرہ اتنا ہشاش بشاش کسی تندرست کو وہ چہرہ میسر نہیں لوگوں کو حیرت تھی کہ بیماری اتنی شدید کہ برس گزر گئے کروٹ نہیں بدل سکتے اور چہرہ دیکھو تو ایسا کھلا ہوا کہ تندرستوں کو بھی نصیب نہیں۔ لوگوں نے عرض کیا کہ حضرت! یہ کیا بات کہ بیماری تو اتنی شدید اور اتنی ممتد اور لمبی چوڑی (کہ اللہ کی پناہ مگر) آپ کے چہرے پر اتنی بشاشت اور تازگی کہ کسی تندرست کو بھی نصیب نہیں۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

فرمایا: جب بیماری میرے اوپر آئی میں نے صبر کیا میں نے یہ کہا کہ اللہ کی طرف سے میرے لیے عطیہ ہے اللہ نے میرے لیے یہی مصلحت سمجھی، میں بھی اس پر راضی ہوں۔ اس صبر کا اللہ نے مجھے یہ پھل دیا کہ میں اپنے بستر پر روزانہ ملائکہ علیہم السلام سے مصافحہ کرتا ہوں مجھے عالم غیب کی زیارت نصیب ہوتی ہے۔ عالم غیب میرے اوپر کھلا ہوا ہے۔

تو جس بیمار کے اوپر عالم غیب کا انکشاف ہو جائے ملائکہ کی آمد و رفت محسوس ہونے لگے اسے کیا مصیبت ہے کہ وہ تندرستی چاہے؟ اس لیے تو بیماری ہزار درجے کی نعمت ہے۔

حاصل یہ کہ اسلام کی یہ خصوصیت ہے کہ اس نے تندرست کو تندرستی میں تسلی دی بیمار کو کہا کہ تیری بیماری اللہ تک پہنچنے کا ذریعہ ہے تو اگر اس میں صبر اور احتساب کرے گا حِسْبَۃً لِلّٰہِ اس حالت پر صابر اور راضی رہے گا تو تیرے لیے درجات ہی درجات ہیں۔

پھر یہ بھی نہیں فرمایا کہ تو علاج مت کر علاج بھی کر، دوا دارو بھی کر، مگر نتیجہ جو بھی نکلے اس پر راضی رہ، اپنی جدوجہد کیے جا، باقی افعال خداوندی میں مداخلت مت کر، تیرا کام دوا کرنا ہے تیرا یہ کام نہیں ہے کہ دوا کے اوپر نتیجہ بھی مرتب کر دے کہ صحت ہونی چاہیے۔

یہ اللہ کا کام ہے تو اپنا کام کر اللہ کے کام میں دخل مت دے۔ دوا دارو کر مگر اللہ کی طرف سے جو کچھ ہو جائے اس پر راضی رہ کہ جو کچھ ہو رہا

http://mujahid.xtgem.com

ہے میرے لیے خیر ہو رہا ہے۔ اس پر صبر کرو گے وہی بیماری ترقی درجات اور اخلاق کی بلندی کا ذریعہ بنتی جائے گی اس سے آدمی کے روحانی مقامات طے ہوں گے۔ تندرست کو روحانیت کے وہ مقامات نہیں ملتے جو بیمار کو ملتے ہیں تو بیمار، یوں کہے گا مجھے میری بیماری مبارک مجھے تندرستی کی ضرورت نہیں۔ تندرستی میں مجھے یہ مقامات مل نہیں سکتے تھے جو بیماری میں ملے۔

اسلام نے تندرست کو تندرستی میں تسلی دی کہ تو اس کو مجھ تک پہنچنے کا ذریعہ بنا۔ بیمار کو بیماری میں تسلی دی کہ تو بیماری کو مجھ تک پہنچنے کا ذریعہ بنا تو بیماری کی وجہ سے محروم نہیں رہ سکتا۔ یہ خیال مت کر کہ جو کچھ ملنا تھا تندرست کو مل گیا میرے واسطے کچھ نہیں رہا۔ تیری بیماری میں تیرے لیے سب کچھ ہے۔ بہرحال ہر ایک کو اپنے دائرے اور اپنے مقام پر تسلی دینا یہ اسلام کا کام ہے۔

نوٹ:

(۱) سورۃ فاتحہ (۲۱) مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کیجیے۔

(۲) سورۃ فاتحہ (۲۱) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کیجیے۔

(۳) یَا سَلَامُ (۱۴۳) مرتبہ پڑھ کر دم کر لیا کیجیے۔

(۴) صدقہ کر لیا کیجیے۔

http://mujahid.xtgem.com

(۵) خالص شہد استعمال کیا کیجیے۔

(۶) آپ جیسی بیماری میں کوئی دوسرا مبتلا ہو تو اس کی شفا کی دعا کیا کیجیے۔

(۷) جو بھی ساتھی آپ کی عیادت کے لیے آئے اسے دین کی محنت کی دعوت دیجیے۔

(۸) آپ کے لیے زمزم روانہ کر رہا ہوں استعمال کیجیے۔

(۹) اپنے رشتے داروں کے ساتھ صلہ رحمی کیجیے۔ حدیث میں آتا ہے کہ صلہ رحمی میں شفا ہے۔

(۱۰) حدیث میں آتا ہے قرآن میں شفا ہے اگر آپ پڑھ سکتے ہو تو پڑھیں اور نہ پڑھ سکتے ہو تو اپنے بیٹے یا اپنی بیٹی سے سنیں۔

(۱۱) کوئی سنانے والا موجود نہ ہو تو صرف قرآن پاک کی طرف دیکھ لیا کریں۔

(۱۲) کلونجی آپ کے لیے بھیج رہا ہوں استعمال کیجیے۔

(۱۳) حدیث میں آتا ہے کہ بیمار کی دعا اللہ قبول کرتا ہے۔ آپ کی دعا ہماری بہ نسبت زیادہ قبول ہوگی۔

(۱۴) حدیث میں آتا ہے سفر میں شفا ہے۔

بندہ دعا کرتا ہے اللہ پاک آپ کو شفا دے۔ اپنے گھر میں درجہ بدرجہ سب کو سلام۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com